بسم الله الرحمن الرحيم

THE HAQ CHAR YAAR WEBSITE
IS DEDICATED IN THE NAME OF
THE COMPANIONS [R.A]
OF
PROPHET [PEACE BE UPON HIM].
WE ARE REVEALING THE TRUTH AND
FACTS ABOUT THE ANTI SAHABAH [R.A]
PROPAGANDA OF
THE NON MUSLIM ORGANIZATIONS.

WWW.KR-HCY.COM

® HAQ CHAR YAAR, A PROJECT OF HCY GLOBAL.
STUFF AVAILABLE FOR NON-PROFIT FREE DISTRIBUTION.

کشف الحقائق

کشف الحقائق

یعنی

شیعت کیا ہے

مؤلف

ابو عبداللہ

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب: کشف الحقائق (یعنی شیعت کیا ہے)

مصنف: ابوعبداللہ

ناشر: انجمن محبان صحابہ واہلبیت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

کمپوزنگ: محمد سعد دارالکتابت

قیمت:

تعداد:

حق چار یار

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
۱	حروف زریں از شیخ الحدیث حضرت مولانا غلام رسول صاحب مدظلہ العالی	۵
۲	حروف زریں از حضرت مولانا شیخ اللہ صاحب مدظلہ العالی	۷
۳	نگاہ اولین	۹
۴	مقدمہ	۱۳
۵	عرض مولف	۲۰
۶	تاریخ روافض (شیعت)	۲۲
۷	شیعت کی تخریب کاریاں تاریخ کے آئینہ میں	۳۷
۸	عقائد شیعت	۴۲
۹	توہین باری تعالٰی	۱۰
۱۰	توہین انبیاء وانکار ختم نبوت	۴۸
۵۱	تحریف قرآن	۵۱
۱۰	توہین صحابہ واہل بیت اطہار	۵۶
۱۰	توہین اہلسنت	۱۰
۱۴	متعہ	۵۶
۱۵	تقیہ متعہ	۷۴
۱۰	رجعت	۷۵
۱۰	تاریخ وتدوین فقہ جعفریہ	۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام پاک سے ہے آغاز ہمارے کاموں کا
بے مثل محبت ہے جس کی جو رحم و کرم میں ہے یکتا

حروف زریں
شیخ الحدیث حضرت مولانا غلام رسول صاحب مدظلہ العالی

الحمد الله الذی هدنا لهذا وما كنا لنهتدی لولا ان هدانا الله والصلاة والسلام على افضل الخليقة والانبياء وعلى آله و صحبه البررة الاتقياء وعلى من اتبعهم الى يوم البقاء •

اما بعد! فمن منن الله جل مجده واحسانا ته الشاملة افضلها الاسلام وبه النجاة فالله سبحانه وتعالى بعث رسله لهداية عباده ولتعليمهم ما جاء وابه من الله ففى هذاالابلاغ شدائد لا يحتملها الا الذين خلقهم الله بعلمه مستعدين لتحمل عباء الرسالة وهم ذوات الانبياء عليهم السلام وتلامذتهم من الصحابة والتابعين اشاعة ما امرو باشاعته من الدين القيم والناس متفقون ان الانبياء عليهم السلام بلغوا الرسالة وادوا الامانة وما تركوا كسراً فى هذا واما الصحابة رضوان الله عليهم اجمعين فالامة متفقون انهم افضل بعد الانبياء فاذا سئل اليهود من افضل الناس فيكم بعد الانبياء يقولون ان الذى صحبوهم وكذا يقول النصارى واذا سئل الروافض عن الصحابة رضى الله عنهم فيقولون هم افسق الناس واكفر الناس فالله سبحانه ينتقم منهم اشدا لانتقام فالله سبحانه جعل شاباننا فى

هذه الادوار الاخرة معدين انفسهم فی حمایتهم وقاموا ساق الجد قولا و عملاً وتاليفا مغادرين رحمهم انفسهم كانهم جيش من حيوش الله في ميادن الجهاد على خلاف اعداء الصحابة •

ثبت هم الله على هذا وكن الله عونا لهم فيما يردون آمين •

حضرت مولانا قاری محمد شفیع اللہ صاحب مدظلہ العالی

﴿ترجمہ﴾

ہر قسم کی حمد وستائش اس بابرکت ذات کے لئے ہے جس نے ہمیں زیور ہدایت سے آراستہ کیا اور اگر وہ ہدایت رحمت فرما کر ہماری دستگیری نہ فرماتے تو ہم کہاں ہدایت یافتہ ہو سکتے تھے؟ اور درود و سلام ہو اس آقا پر جو سارے جہاں میں افضل و بے مثال اور سب انبیاء علیہم السلام کے سردار ہیں، اور آپ کی پاکیزہ فطرت اور سعادت مند جماعت آل واصحاب (رضی اللہ عنہم) پر اور ان سب لوگوں پر جو قیامت تک ان کی اتباع وتابعداری سے سرفراز ہوں گے۔ امابعد!

اللہ سبحانہ تعالیٰ کے بے شمار و بیکراں انعامات واحسانات میں سے سب سے اعلیٰ و برتر احسان ونعمت اسلام کی دولت عظمیٰ ہے۔ اور اسلام ہی کی بدولت انسانیت نجات و چھٹکارا حاصل کر سکتی ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے بندوں کی ہدایت و رہنمائی اور ان کی تعلیم و تربیت کے لئے انبیاء علیہم السلام کے بھیجنے کا سلسلہ شروع فرمایا، انہوں نے انسانیت کو اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی تعلیمات سے روشناس کرایا اور حق کا پیغام پہنچایا۔ اس پیغام رسانی میں جن مشکلات ومصائب اور تکالیف کا سامنا تھا اسے صرف اور صرف وہی باہمت لوگ برداشت کر سکتے تھے جنہیں قدرت خداوندی نے اپنی علیمیت کی بناء پر اس مشکل کام کا بیڑہ اٹھانے کے لئے ہمہ وقت مستعد و تیار پیدا فرمایا تھا۔ تاکہ وہ رسالت نبوت کی ذمہ داری کو بخوشی اٹھالیں، اور یہ نفوس قدسیہ جوان عظیم صفات کے حاملین تھے انبیاء علیہم السلام اور ان کے تلامذہ صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم اجمعین) کی بابرکت جماعت پر مشتمل تھے اور ان کے علاوہ وہ لوگ بھی اس سعادت مند جماعت کے افراد تھے جنہوں نے اس دینی دعوت و پیغام کو دوسروں تک پہنچایا اور

خوب تگ و دو کی جس کے پہنچانے کا انہیں حکم دیا گیا تھا۔

تمام انسان اس امر پر متحد و متفق ہیں کہ انبیاء علیہم السلام اجمعین نے پیغام خداوندی احسن طریقے سے لوگوں تک پہنچایا اور امانت کا بوجھ اپنے کندھوں سے اتار دیا اور انہوں نے دعوت و تبلیغ اور پیغام رسانی میں ذرہ بھر کوتاہی نہیں کی۔ رہے صحابہ کرام (رضوان اللہ علیہم اجمعین) تو اس بات پر بھی سب لوگ متفق و متحد ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کی جماعت کے بعد سب افضل و اعلیٰ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی جماعت ہے۔ جب یہودیوں سے یہ دریافت کیا جاتا کہ تم لوگوں میں انبیاء علیہ السلام کے بعد افضل جماعت کن لوگوں کی ہے تو وہ جواب دیتے ہیں کہ "ان لوگوں کی جنہوں نے انبیاء علیہ السلام کی صحبت کو اپنایا و پایا ہو اور بالکل نصاریٰ بھی اسی طرح جواب دیتے تھے۔

لیکن جب روافض یعنی شیعہ سے صحابہ رضی اللہ عنہم کی مقدس جماعت کے بارے میں پوچھا جائے تو وہ جواب دیتے ہیں کہ وہ سب لوگوں میں (نعوذ باللہ) زیادہ کفر کرنے والے اور فساق و فجار ہیں۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ ان سے بہت سخت انتقام لے اور لے رہے ہیں کہ اس نے اس آخری زمانہ میں بھی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دشمنوں کی سرکوبی کیلئے ایسے نوجوان پیدا کر کے انہیں ہمت و جرات عطا کی جو صحابہ کرام کے لئے اپنی جانوں کو نچھاور کرنا باعث سعادت مندی سمجھتے ہیں اور ہمہ تن و ہمہ وقت اپنے قول و فعل اور اپنی تالیفات سے اس میدان جہاد میں کود پڑنے کو تیار رہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان کو اس موقف پر ثابت قدم رکھے اور ان کا سب سے بڑا معین و مددگار ہو۔ آمین ثم آمین

نگاہ اولین

از عبدالصمد بلوچ

تخلیق آدم علیہ السلام کے وقت سے جو چپقلش خیر اور شر کے مابین شروع ہوئی تھی ظہور اسلام کے ساتھ ہی وہ معرکہ کی شکل اختیار کر گئی یہی وجہ ہے کہ اسلام کے قلب وجگر اور اس کے اصحاب پر جو شدید حملے ہوئے کوئی دوسرا مذہب اس کی ہرگز تاب نہ لاسکتا تھا اسی لئے اسلام کے ابتدائی دور ہی میں

الكفر ملة واحدة

کی عملی تفسیر رافضیت کہیں یا شیعت ابلیس لعین کے مضبوط ہتھیار کے طور پر سامنے آئی۔ تاریخ اسلام کا مطالعہ کرنے سے یہ بات بالکل عیاں ہو جاتی ہے کہ شیعت کا بنیادی مقصد دین اسلام کی شکل کو مسخ کرنا تھا' مگر عام مسلمانوں میں موجود وحدانیت کا پر جلال تصور' نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی با کمال شخصیت اور عقیدہ ختم نبوت' قرآن و حدیث کی تعلیمات سنت نبوی اور اصحاب رسولؐ سے والہانہ عقیدت شیعت کی راہ میں بنیادی رکاوٹیں تھیں اور یہ بات یہودی فطانت کا مظہر مجوسی ثقافت کا رنگ لئے ایرانی طاقت اور وسائل پر پرورش پانیوالے نصاریٰ و بتوں کے پجاری مشرکین کے حلیف رافضی شیعہ بخوبی جانتے تھے اسی لئے عقیدۂ توحید کو کاری ضرب لگانے کی غرض سے اہلبیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض افراد کو شخصیت پرستی کے لئے شہرت دی اور حضرت علی کی الوہیت کی داستانیں گھڑیں اسلاف و ناقابل اعتماد بنانے کے لئے باہم عداوتوں اور نفرتوں کی خلیج پیدا کرنے کی کوشش کی گئی نظام خلافت اور عقیدۂ ختم نبوت کے خلاف عقیدہ امامت وضع کیا گیا قرآنی تعلیمات سے دور کرنے کے لئے قرآن

مجید کے خلاف شکوک وشبہات وہم پیدا کیا جس نے عقیدہ تحریف قرآن کی شکل اختیار کر لی اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں اپنی خرافات گھڑ کر آئمہ عظام کی طرف منسوب کیں یعنی کہ انہوں نے اپنی بیمار ذہنیت کا ثبوت دیتے ہوئے کبھی تو اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تعن و تشنیع کے تیر برسائے کبھی اللہ رب العزت پر افترا باندھا اور کبھی خرافات کا مجموعہ عقائد گھڑے یہاں تک کہ سانحہ کربلا کے محرم ہونے کے باوجود اپنے مقاصد کیلئے سانحہ کربلا و شہادت کو رنج اور غم والم کا عجیب نمونہ بنا دیا کہ محرم شروع ہوتا ہے فضا میں یکدم تغیر پیدا ہو جاتا ہے۔ میر انیسوں کی چاندی ہو جاتی ہے خطباء اپنے پورے سال کی شکم سیری کے انتظام میں لگ جاتے ہیں گھر گھر میں لذت کام و دہن کے عجیب عجیب نمونے تیار ہوتے ہیں کہیں دیگیں دم پخت ہو رہی ہیں تو کہیں مفرح شربت اڑائے جا رہے ہیں ان کے وجود کوچوں سے مساجد تک دیکھیے شہادت حسین کے سوگ میں اجتماع ہو رہے ہیں تو کہیں تعزیوں نے رونق کا سماں پیدا کیا ہوا ہے مرثیے کی تان پر ماتم کے نام پر جھگڑا اٹھانے والے ایک صاحب سے استفسار کیا تو کہنے لگے

میں بھی غم حسین میں شریک ہوں مگر
خالی شکم مجھ سے رویا نہیں جاتا

یعنی سانحہ کربلا کا تمسخر بنا کر سمجھتے ہیں گویا یہ اسلام کی بہت بڑی خدمت ہے یہی وجہ ہے کہ محرم کی پوری آمد میں تمام ممکنہ ذرائع ابلاغ پر ایڑی چوٹی کا زور لگا کر ذہنوں میں یہ بات راسخ کی جاتی ہے کہ ۶۰ ھ کے بعد اسلام کا مستقبل اس واقعہ سے وابستہ ہو گیا کہ اسلام کی آفاقیت کو سمیٹ کر اس واقعہ میں پرو دیا گیا۔ حالانکہ شہادت عثمان ذوالنورین اس سے زیادہ المناک سانحہ تھا سانحہ کربلا کے پروپیگنڈے سے انہوں نے جس شہادت عثمان پر ۔۔۔ اور اس شخصیت پرستی کے لئے اشخاص کی بھینٹ بھی چڑھ

رہی تھی حالانکہ اسلام شخصیت پرستی کا مذہب نہیں ہے۔

اسلام دراصل نام ہے اللہ نے اس دین کا جو اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا اور صحابہؓ اور اسلاف امت کے توسط سے ہم تک پہنچا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جدوجہد صحابہؓ کی استقامت، اخلاص اور اللہ کی نصرت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی میں اپنی اصل شکل میں نافذ ہو چکا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد ہر شخص کی نجات کی صرف یہی صورت ہے کہ وہ اپنے آپ کو اسلام کے دامن سے وابستہ رکھے اب اسلام کسی کا نہیں بلکہ ہر کوئی اسلام کا محتاج ہے اسلام کا یہ اصول اتنا سخت ہے کہ پیغمبر (نوح علیہ السلام) کا بیٹا بھی اس کی مستثنیٰ نہیں شخصیت پرستی کے فروغ سے شیعیت کا اصل مقصد اس اصول سے بغاوت کی راہ ہموار کرنا تھا کہ قرآن و سنت اور اعتماد صحابہؓ کی بنیاد پر قائم اس دین اسلام میں گمراہی کا راستہ کھولا جا سکے اسکے لئے انہوں نے ہر وہ حربہ استعمال کیا جس کو تخریب اسلام کہا جاتا ہے اور یہاں حضرات میں کوئی معیوب فعل بھی نہیں ہے کیونکہ ان کی مذہبی تعلیمات بھی اس کے موافق ہیں مثلاً

''حق حکمرانی صرف شیعوں یا ان کے آئمہ کا ہے اور شیعوں کا فرض ہے کہ تمام سنی حکومتوں کو تباہ کرتے رہیں اور اگر انہوں نے ایسا نہ کیا اور سنی حکومت میں اطمینان سے رہے تو خواہ یہ کتنے ہی متقی ہوں عذاب کے مستحق ہوں گے'' (اصول کافی جلد ۸ صفحہ ۲۰)

اور اس پر مستزاد یہ کہ شیعیت میں کشش پیدا کرنے کے لئے انتہائی شرمناک لغو اور خرافات پر مبنی عقائد کا اضافہ کیا اور کسی ذہن میں ان عقائد کے اضافہ کیا اور کسی ذہن میں ان عقائد کے خلاف میلان نہ رہے اس کے لئے جہاں اس فکر کو فروغ کر دیا گیا کہ

"حب علی کے ساتھ کوئی معصیت نقصان نہیں پہنچا سکتی"

وہاں امام باقر کی طرف منسوب مسئلہ طینت کو بھی ذہنوں میں راسخ کیا گیا کہ

"شیعہ کی پیدائش بہشت کی مٹی سے ہوئی ہے اور سنی کی پیدائش جہنم کی مٹی سے ہوئے ہے اس لئے شیعہ کو کوئی گناہ نقصان نہ پہنچائے گا اور سنی کو کوئی نیکی فائدہ نہ پہنچائے گی۔" (اصول کافی جلد دوم ص ۶)

یعنی کہ

رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی

مختصر یہ کہ شیعیت اپنا زہر پھیلاتی رہی اور انتظام خداوندی کے تحت امت و اس زہر کا تریاق میسر آتا رہا تریاق کی تاثیر کے سامنے باطل نے اپنے زہر کے اثر کو زائل ہوتا دیکھ کر ایرانی انقلاب کی شکل اختیار کر لی حکومت و وسائل اور جدید ذرائع ابلاغ کی دستیابی نے باطل میں ایک نئی روح پھونک دی مگر یہ نئی زندگی انشاء اللہ اس کے لئے پیام موت ہوگی مگر اس بات کا انحصار اس سنت اللہ پر ہے کہ

ان لیس الا انسان الا ما سعی

بقول اقبال

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی

نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

مطلب یہ کہ اس فتنہ کی سنگینی کو ہماری قوم کتنی جلدی سمجھتی ہے اور اس کے خلاف کتنی غیرت وحمیت اور چستی و بیداری کا ثبوت دیتی ہے تخریب اسلام کا یہ چشمہ اور سب سے طویل العمر فتنے سے آگاہ کرنے اور ردعمل پر تیار کرنے والی وششوں کی ایک کڑی اس وقت آپ کے ہاتھ میں ہے اسے غور سے پڑھیے اور پھر سوچیں اور فیصلہ کریں کہ اس سلسلے میں آپ پر کیا ذمہ داری عائد ہوتی ہے؟

مقدمہ

مولانا قاری حفیظ الرحمٰن صاحب مدظلہ

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی اما بعد!

شیعہ مذہب یہود ومجوس کی مشترکہ پیداوار ہے جس کا مقصد وجود ہی اسلام کے نام پر اسلام اور امت مسلمہ کو حتی الامکان نقصان پہنچانا ہے اور تباہ وبرباد کرنا ہے ان کے عقائد اسی نقطہ نظر سے شرک وکفر کی حدود کو چھوتے ہیں اس مذہب میں آئمہ اہل بیت کو انبیاء کرام کے مقام سے بلند اور خدائی تصرفات کا مالک بنادیا ہے قرآن مجید اور صحاح ستہ کے بے مثال مجموعہ ہائے حدیث کو ناقابل اعتبار قرار دیا گیا ہے جھوٹ اور فریب ہی کو اخلاقیات کا بنیاد پتھر ٹھہرایا گیا ہے اور اسلامی کریکٹر کی تباہی کیلئے متعہ جیسی حیا سوز بدکاری کو صرف یہی نہیں کہ رواج عام دیا گیا بلکہ اس کی فضیلت میں بے شمار احادیث وآثار گھڑ لئے گئے ہیں جبکہ دوسری جانب امت مسلمہ کی بربادی کیلئے ان لوگوں نے وحی الٰہی کے مخاطبین اول اور اسلام کے اصل حاملین یعنی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو کافر ومرتد قرار دیکر ان کی اور ان کے پیروکاروں کی عداوت ودشمنی اور ان کی ایذا رسانی وبربادی کو اپنا اصل الاصول قرار دیا ہے۔

امت مسلمہ کی تاریخ میں تباہی وبربادی کے بڑے حادثے پیش آئے ہیں ان کے پیچھے انہی لوگوں کا ہاتھ کارفرما ہے تاتاریوں کے ہاتھوں بغداد کی تباہی کے پس پردہ یہی ہاتھ کارفرما نظر آتا ہے جس میں ایک کروڑ چھیاسی لاکھ مسلمان مارے گئے خود ہندوستان کی تاریخ میں میر جعفر' میر صادق' میر قاسم علی وغیرہ ہی کی وجہ سے بنگال میں سراج الدولہ اور میسور میں سلطان ٹیپو کی مسلم سلطنتیں انگریزوں کے ہاتھ چلی گئیں یہ سارے غداران ملک وملت اور ننگ ہائے دین وملت کون تھے جن کے بارے میں

علامہ اقبال نے کہا تھا

جعفر از بنگال وصادق از دکن ننگ ملت ' ننگ دین ' ننگ وطن

خمینی شیعہ مذہب کا مقصد وجود ہی یہ ہے کہ حقیقی اسلام وسلمانوں ورو ے زمین سے ختم کر دیا جائے اور یہودی شریعت اور مجوسی قوم پرستی کے معجون مرکب و اسلام کے نام پر اقتدار اور سربلندی عطا کی جائے اس طرح کے مسلسل تجربات کی روشنی میں اسلام کی مکمل تباہی کا منصوبہ محمد بن حسن عسکری (امام غائب اور مہدی) کی آمد سے وابستہ کر رکھا ہے چونکہ ان کے عقیدے کے مطابق اسلام اور مسلمانوں کی اس ہمہ گیری تباہی کیلئے جو جنگی کاروائی ہوگی اسی کا نام جہاد ہے اس لئے انہوں نے جہاد بھی امام غائب سے وابستہ کر رکھا ہے اور علامہ خمینی کی آمد کو وہ اس کی تمہید سمجھتے ہیں سازشوں کے ذریعہ اہل سنت کی بربادی کے سامان مہیا کر رکھے ہیں علامہ خمینی نے آتے ہی اجرائے جہاد (یعنی اہل سنت کے خلاف شیعوں کی مذہبی فوج کشی) کا فتویٰ دیا تھا مگر افسوس کہ اب بھی ہمارے بہت سے بھائی ایران کے اس انقلاب و سمجھ نہیں پائے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو بتایا کہ تم یہود ونصاری کی راہ پر چلو گے جیسا کہ جامع ترمذی میں حضرت ابو واقد اللیثی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے آپ کا ارشاد گرامی موجود ہے کہ **لتركبن سنة من قبلكم** (تم ضرور پہلوں کی راہ پر چلو گے) اور اسی طرح مشکوۃ المصابیح میں بحوالہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ حدیث کے الفاظ ہیں **ليأتين على امتى كما اتى على بنى اسرائيل حذو النعل بالنعل** (میری امت پر وہ دن ضرور آئے گا جو بنی اسرائیل پر آیا یعنی ان کے قدم بقدم چلیں گے) جبکہ ایک طبقہ اہل حق کا ہمیشہ موجود رہے گا جس کی وجہ سے امت میں گمراہی استقرار نہ پکڑ سکے گی اور باطل حق پر غالب نہ آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے محولہ بالا ارشادات کی روشنی میں جس طرح یہود ونصاری دونوں ملتیں اصل راہ سے

بھٹک گئیں اس ملت مسلمہ میں بھی ان کی راہ پر لوگ چلیں گے یہود و نصاریٰ دونوں تو ہیں اہل کتاب کہلاتی ہیں اور دونوں کافر ہیں۔

گو ہر ایک کے کفر کی راہ مختلف ہے یہودیوں کا کفر عداوت کی راہ سے آیا ہے انہوں نے حضرت مریم علیہا السلام اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم جیسے خاصان خدا کے ساتھ بغض و عداوت کی راہ اختیار کی اور کفران کا مقدر بنا گویا ان کے مذہب کی بنیاد نظام عداوت ٹھرا یہودیوں کی طرح نصاریٰ بھی کافر ہیں لیکن ان کے کفر کی بنیاد بے جا محبت ہے انہوں حضرت مریم کو خدا کی بیوی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا سمجھا اور اس طرح بے جا محبت کی راہ سے کافر ہوئے بعینہ اسی طرح امت مسلمہ میں بھی دو طبقے اٹھے ایک طبقہ جس نے خاصان خدا حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ عداوت قائم کی ان کو برا بھلا کہا ان پر بہتان باندھا ان پر سب وشتم کیا اس طبقہ میں کلینی سے لیکر خمینی تک تمام روسا کفر ہیں۔

حافظ ابن تیمیہ رحمہ اللہ (728ھ) بھی لکھتے ہیں کہ یہود اور شیعہ میں واضح مشابہت موجود ہے منہاج السنۃ ج ا ص ۱۵۔

دوسرا طبقہ اس امت میں نصاریٰ کی راہ پر چلا اور انبیاء اولیاء کی نسبت کفر وشرک کی دلدل میں جا پھنسا فی الحال یہ ہمارا موضوع کلام نہیں۔

یہود کی خصوصیات اور ان کے تاریخی خدوخال کی ایک جھلک زیر بحث طبقہ کو سمجھنے میں ممد و معاون ہوگی۔

(۱) نسلی حقوق کا دعویٰ (۲) ماتمی جلوس نکالنا (۳) بارہ اماموں کے سات۔ (۴) اللہ کی کتابوں میں تحریف (۵) گائے کے قد کا جانور بنانا اسے مولا ٹھہرانا اور اس کا جلوس نکالنا۔ (۶) خاک شفا اٹھائے پھرنا اس میں زندگی کی روح ماننا (۷) اظہار تعزیت میں اپنے آپ کو مارنا (منہ پر تھپڑ اور سینہ کوبی وغیرہ) (۸) حضرت

ہارون کا نام لینا اور ان کی پیروی نہ کرنا (۹) القدس کی عقیدت اور خانہ کعبہ کی بے حرمتی (۱۰) تقیہ کی دوہری پالیسی کہ اوپر سے کچھ اور اندر سے کچھ۔

یہ دس باتیں بعینہ اس طبقہ میں بھی پائی جاتی ہیں۔ یہودیوں کی پیروی ان میں اتنی واضح ہے کہ محققین کہہ اٹھتے ہیں کہ عبداللہ بن سبا کی اصل یہود سے تھی۔ یہود اپنے دورِ عروج میں اقوامِ عالم کا مذہبی مرکز تھے روحانی قیادت کا تاج انہی کے سر پر تھا جب اس قوم نے اپنی ذمہ داری کا حق ادا نہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کی جگہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دوسری نسل بنو اسماعیل کو عروج بخشا بنو اسرائیل رقابت اور حسد کی آگ میں جلنے لگے مگر ان سے کچھ بن نہ پڑتا تھا یہ سامنے آنے کی پوزیشن میں بھی نہ رہے تھے ارضِ خیبر سے بھی نکالے جا چکے تھے اور دوسری طرف قیصر و کسریٰ کی سلطنتیں بنو اسماعیل (خلفاء راشدین) کے سامنے سرنگوں ہو چکی تھیں روم و ایران پر اسلام کا جھنڈا لہرا رہا تھا اور تمام دوسری اقوام لرزہ براندام تھیں انہیں مسلمانوں کے علیحدہ دین اور ان کے مختلف طورِ عبادت سے دشمنی کی پریشانی نہ تھی انہیں مسلمانوں کا سیاسی عروج کھائے جا رہا تھا انہوں اب یہ تدبیر کی کہ مسلمانوں میں گھس کر انکے نظامِ خلافت کو کمزور اور پھر برباد کیا جائے۔ ان کا ایک ایجنٹ عبداللہ بن سبا دعویٰ اسلام کے ساتھ اسلام کی صفوں میں داخل ہوا اور خلیفہ راشد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت کو کمزور کرنے کیلئے پہلے صوبائی گورنروں کے خلاف ایک مہم چلائی اور پھر حالات اس طرح ترتیب دیئے کہ نظامِ خلافت برباد ہوا اور سیدنا عثمان گھر بیٹھے دورانِ تلاوت شہید کر دیئے گئے اب ان لوگوں نے یہ تدبیر کی کہ حکومت اسرائیل نے اپنے ہاتھ میں لیں بنو اسماعیل کو ہی آپس میں لڑا دیا جائے انہوں نے اپنے پورے دباؤ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں کو دو حصوں میں تقسیم کر کے خوارج کا فتنہ کھڑا کر دیا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت ان لوگوں کی دوسری فتح تھی مؤخر الذکر سانحہ سے

شیعان علی کی تاریخ بدترین عنوان سے شروع ہوئی مشہور مستشرق A.J.Arbery لکھتا ہے:

''شیعوں نے اسلام کے مستحکم قلعے میں ایک دروازہ کھول دیا اس دروازے سے تمام لوگ آ جا سکتے تھے اور کوئی فکری مخالفت کسی کی راہ میں حائل نہ تھی''۔ بحوالہ میراث ایران ص 157

مسلمانوں (اہل السنۃ والجماعۃ) اور شیعہ میں اختلافات کا تجزیہ کیا جائے تو یہ فروعی درجہ کا اختلاف نظر نہیں آتا بلکہ یہ اختلاف اصولی نوعیت کا اختلاف ہے۔

اصول دین تین ہیں

۱۔توحید ۲۔رسالت ۳۔آخرت

(۱) شیعہ حضرات نے توحید کے چشمہ صافی کو گدلا کرنے کیلئے اس کی ساتھ عدل کا اضافہ کیا ان کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ پر عدل واجب ہے اہل سنت عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر کوئی چیز واجب نہیں ضابطے اس کے ماتحت ہیں وہ خود کسی ضابطے کے ماتحت نہیں چاہے عدل فرمائے چاہے مجرموں کو چھوڑ دے کوئی اس کو پکڑنے والا نہیں بڑے بڑے نیکوکاروں کو سخت آزمائش میں ڈال دے کوئی اس کو روکنے والا نہیں تقدیر اس کے تحت ہے یہ عدل کے خلاف نہیں۔

(۲) رسالت کو واحد سرچشمہ دین سمجھنے کے خلاف انھوں نے امامت کا عقیدہ قائم کیا بارہ امام مامور من اللہ قرار دیئے جن سے اللہ تعالیٰ ہم کلام رہا ان کا ماننا پیغمبروں کی طرح فرض ٹھہرا ان کا انکار کفر قرار پایا اس عقیدے سے رسالت واحد سرچشمہ دین نہ رہا امامت نبوت کے متوازی ایک ایسا ہی منصب ہے اور اس عقیدے سے انسان ختم نبوت کا اعتقاد کھو بیٹھتا ہے۔

(۳) آخرت کے مقابل انھوں نے رجعت کا عقیدہ گھڑا کہ حشر سے پہلے

بڑے بڑے لوگوں اور بڑے بڑے مجرموں کو پھر اس دنیا میں آنا ہوگا یہ دور امام مہدی کا دور ہوگا اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس دنیا میں دوبارہ تشریف لائیں گے اور امام مہدی کی بیعت کریں گے اس دور میں مجرموں کو پھانسیوں پر لٹکایا جائے گا اور ان پر حدیں جاری ہونگی اور یہ عمل قیامت سے پہلے ہوگا عقیدہ رجعت سے اسلام کا عقیدہ آخرت بہت مخدوش ہو جاتا ہے۔

اسی طرح شیعہ کے اصول دین چھ ہوئے توحید' عدل' رسالت' امامت' رجعت اور آخرت مگر ان کے علماء عقائد رجعت کو اصول کا درجہ نہیں دیتے اور اصول دین صرف پانچ بیان کرتے ہیں رجعت پر اعتقاد رکھتے ہیں مگر اسے اصول دین میں شامل نہیں کرتے۔

لہذا اصول دین میں اختلاف فروعی نہیں اصولی کہلائے گا چنانچہ حافظ سبکی (771ھ) تحریر کرتے ہیں

ان حطاء المعتزلی والرافضی قطعی والمسئلة قطعية

(طبقات الشافعیۃ ج ا ص ۳۲)

"معتزلی اور رافضی کی (اعتقادی) غلطی قطعی درجہ کی ہے (جس میں دوسری رائے کا احتمال نہیں) اور مسئلہ زیر بحث قطعی درجے کا ہے۔"

(ماخوذ از عبقات تالیف از علامہ خالد محمود مدظلہ)

ایران میں خمینی انقلاب بالفاظ دیگر شیعہ انقلاب جس کو ہمارے سادہ لوح مسلمان اپنی سادگی اور ناواقفیت میں اسلامی انقلاب سے تعبیر کرتے ہیں کہ بعد ایران واضح طور پر بالکل شیعہ اسٹیٹ بنا دیا گیا ہے وہاں کے اہل سنت جواب شیعہ کی مخالفانہ سازشوں کے نتیجے میں اقلیت میں تبدیل ہو گئے ہیں مجبور محض ہیں جن کی مذہبی آزادی سلب ہے اور اپنے مذہبی حقوق سے محروم ہیں اور انہیں آئے دن حکومتی مظالم کا سامنا

ہے جس کی خبر تک ایران سے باہر نہیں جانے دی جاتی۔ ایرانی حکومت اپنے توسیع پسندانہ عزائم کے تحت پڑوسی اسلامی ممالک پر بھی اپنا سیاسی تسلط قائم کرنے کی خواہاں ہے اس کا پہلا ہدف عراق تھا جہاں اس کو ناکامی کا سامنا ہوا سعودعرب میں سیاسی مظاہرے اور حرمین کے اردگرد جلوس وہاں بے چینی پیدا کرنے اور سعودی حکومت کو کمزور کرنے کی سعی لا حاصل سب کے علم میں ہے۔ اسی طرح پاکستان میں بھی شیعہ انقلاب کی راہیں ہموار کرنے کے عمل کا آغاز انقلاب ایران کے بعد ہو چکا ہے اور یہاں کی سادہ لوح دین سے گہری عقیدت رکھنے والی عوام اور بالخصوص نسل نو کو اپنا ہم نوا بنانے کیلئے اردو زبان میں شیعہ مذہب کو متعارف کرایا جارہا ہے اور ان اصل دین سے متنفر کرنے کیلئے صحابہ دشمنی پر مبنی لٹریچر باقاعدہ مفت فراہم کیا جارہا ہے اور اس سلسلہ میں خانہائے فرہنگ ایران اہم کردار ادا کر رہے ہیں اور شیعہ لابی نے باقاعدہ اپنے سیاسی پلیٹ فارم تشکیل دے کر اپنا سیاسی کردار شروع کردیا ہے جیسا کہ خمینی نے اس سلسلہ میں عارف حسینی کو اپنا پہلا نمائندہ پاکستان کیلئے نامزد کیا تھا جبکہ محلاتی سازشوں کے ذریعے پاکستان کی بیوروکریسی ذرائع ابلاغ سمیت دیگر شعبہ ہائے حکومت ان کی گرفت میں ہیں اور محرم الحرام ودیگر مواقع پر مذہبی جلوسوں کی شکل میں اپنی طاقت کا بھرپور مظاہرہ بھی ان کے عزائم کو سمجھنے کیلئے کافی ہے اور اہل سنت کے جن مقتدر علماء نے ان کے عزائم کے خلاف عوامی شعور بیدار کرنے کی کوشش کی وہ شیعہ دہشت گردی کا شکار ہوئے۔

لہٰذا اہل سنت کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ شیعہ مذہب کی تاریخ ان کے عقائد ونظریات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی اور نسل نو کے عقائد کی حفاظت کا فریضہ سر انجام دے اور اسی طرح ان کے ناپاک سیاسی عزائم کو سمجھتے ہوئے ملک وملت کی پاسداری و پاسبانی کا حق ادا کرے۔

عرض مؤلف

الحمد لله رب العالمين والصلوۃ والسلام علی
خاتم الانبیاء والمرسلین وعلی الہ واصحابہ اجمعین

عزیز من پیشتر سے بدلتی رافضیت کے اوچھے اور نیچ ہتھکنڈوں سے ہر صاحب ایمان کا دل آتش فشاں بنا رہتا ہے اور ہر وہ شخص جس میں ذرا بھی ایمان موجود ہو اس کے دل میں یہ خواہش مچل رہی ہوتی ہے کہ کاش کوئی رافضیت کے طلسم کدہ کو بھی مسمار کرے۔

سالار امیر عظیمت مولانا حق نواز جھنگوی پر کہ موجودہ دور میں بھی ظلمتوں کے اندھیرے میں مینارہ نور بن گئے۔ آج قافلہ حق میں شامل ہر سرفروش اس چراغ کا ایندھن بننا اپنی سعادت سمجھتا ہے جو امیر عظیمت نے روشن کیا تھا رافضیت کے خلاف یہ جدوجہد کوئی نئی نہیں ہے بلکہ اس جہاد کا تسلسل ہے جو صدیوں سے جاری ہے مگر موجودہ دور میں جدوجہد رافضیت پر ایسی کاری ضرب ہے جس کی مثال ماضی میں بھی نہیں مل سکتی۔

رافضیت اس کاری ضرب سے ایسی بوکھلائی کہ ماضی کے بوسیدہ اور انتہائی اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی اور ماضی کی طرح تاریخ کو مسخ کرکے حقائق پر پردہ ڈالا جا رہا ہے کہ کچھ عرصے بعد جھوٹ کو ایک تاریخی سند حاصل ہو جائے کہیں مسلمانوں کے مابین عداوتوں کے پہاڑ کھڑے کرکے میدان انگورہ کو ہموار کیا جا رہا ہے اور کہیں میڈیا جدید تعلیم اور ثقافت کی آڑ میں اپنی مشنری سرگرمیاں جاری رکھتے ہوئے سیاسی تسلط کی راہ ہموار کی جا رہی ہے اور اسی سلسلے میں آئمہ اربعہ کے باہمی اختلاف سے رافضیت کوئی فائدہ نہ اٹھا سکی تو کہیں دیوبندی اور بریلوی مکاتب فکر کے مابین فساد کھڑا کیا تو کہیں اہلحدیث اور بیسیوں غیر مقلد گروہوں کو ہوا دی اور باہم ایک دوسرے کے مابین خانہ جنگی کی کیفیت پیدا کی گویا کہ سیاسی تسلط کے لئے زنگ آلود ہتھیار پھر میدان میں

پہنچ چکے تھے مگران عقل کے اندھوں کو کون سمجھائے کے نہ شیعہ سنی بھائی بھائی کا نعرہ ہمیں بہکا سکا ہے اور نہ ہمارے باہمی اختلاف اتنے بڑے ہیں کہ ہم شیعت کو نظر انداز کر دیں۔

مختصر یہ کہ رافضیت کے سیاسی تسلط کے خلاف جدوجہد میں حصہ ادا کرنے کا میرا ابھی ارادہ تھا مگر قلم کے میدان سے میری کوئی آشنائی نہیں تھی لہذا اس فتنہ پر اپنی معروضات پیش کرنے سے ہمیشہ پہلوتہی کرتا رہا مگر بعض احباب کی طرف سے اصرار بڑھا تو رافضیت پر اپنے مطالعہ کا حاصل پیش کرنے بیٹھ گیا چونکہ ضخیم کتب پر تو اکابرینؒ نے بہت کام کیا ہے لہذا اختصار کو پیش نظر رکھتے ہوئے میری یہ کاوش آپ کے سامنے ہے افادیت کے پیش نظر امان اللہ ملک صاحب (ایڈوکیٹ) کی کتاب نفاذ شریعت اور فقہ جعفریہ کا ایک باب تاریخ تدوین فقہ جعفریہ بھی شامل کیا گیا ہے چونکہ اس کتاب میں اہل تشیع کے سب سے بڑے گروہ امامیہ ہی کو موضوع بنایا گیا ہے جو اپنے آپ کو فقہ جعفریہ کا حامل بتاتے ہیں۔ جناب امان اللہ ملک صاحب نے جامعیت کو مد نظر رکھتے ہوئے جس اختصار سے فقہ جعفریہ کی نقاب کشائی کی ہے بے شک قابل ستائش ہے مزید میں اپنے دیگر احباب کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے اس سلسلے میں میری بھرپور مدد کی۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ میری اس کاوش کو قبول فرما کر بھٹکے ہوؤں کو راہ ہدایت اور ہمارے لئے جنت کا خزانہ بنا۔ آمین ثم آمین

دعائے خیر کا طالب

اطہر

تاریخ روافض (شیعت)

شیعت کا لغوی مطلب گروہ یا فرقہ ہے اور رافضیت کا لغوی مطلب چھوڑ دینے والا ہے چونکہ یہ لوگ اسلام کو چھوڑ کر اندرونی طور پر ایک گروہ یا فرقہ بن گئے تھے اس لئے ان کو شیعہ یا رافضی کہا جاتا ہے۔

تاریخ شیعت کو ہم تین ادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

۱ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں جب یہ لوگ عبداللہ بن ابی سمیت بعض دیگر سرداران منافقین کے ساتھ الگ الگ گروہوں میں تقسیم تھے۔

۲. حضرت عثمانؓ کے دور میں جب عبداللہ بن سباء نے ان تمام گروہوں کو منظم کیا اور نظریت امامت ان میں متعارف کرایا۔

۳ عبیداللہ ثقفی سے لیکر آل بویہ تک جب ان کے عقائد کی تدوین ہوتی رہی۔

اس سے پہلے کہ ہم ان تین ادوار کو بیان کریں ہم آپ کو یثرب کے حالات سے آگاہ کرتے چلیں۔

اس وقت یثرب میں مشرکین عرب کے دو بڑے اور با اثر قبائل اوس اور خزرج کے علاوہ اشوری اور رومی مظالم سے بھاگ کر آنے والے یہودی بھی بڑی تعداد میں آباد تھے جو کہ عربی رنگ میں رنگ جانے کے باوجود بھی نسلی عصبیت اور قومی تفاخر میں مبتلا تھے جادو ٹونہ جھاڑ پھونک اور فال گیری کی وجہ سے اپنے آپ و بڑا صاحب علم وفضل اور اسرائیلی عصبیت کی وجہ سے اپنے آپ کو قائدو پیشوا اور عربوں و انتہائی حقیر سمجھتے تھے اور صرف یہی نہیں بلکہ یثرب کی معیشت پر بھی مکمل کنٹرول ان یہود ہی کا تھا کیونکہ یہود کو دولت کمانے کے فنون میں بہت مہارت تھی یثرب کی تجارت تو تھی

ہی انکے ہاتھ میں گمران کی زیادہ دلچسپی سودی لین دین میں تھی اس کے لئے وہ عرب شیوخ اور سرداروں کو سود پر رقمیں دیا کرتے تھے جس کو شیوخ اور سردار حصول شہرت کے لئے بے دریغ فضول خرچ کردیتے تھے اور یہودان سے قرض کی رقوم کے بدلے قرض داروں کی زمینیں کھیتیاں اور باغات رہن رکھوالیتے اور چند سال گذرنے کے بعد خود ان کے مالک بن جاتے تھے یہی نہیں بلکہ یہود جنگ وفساد کی آگ بھڑکانے میں بھی بڑے ماہر تھے یہ لوگ قبائل کو ایکدوسرے کے خلاف لڑاتے اور خود تماشہ دیکھتے اور دشمنی کی آگ ٹھنڈی نہ ہونے دیتے تاکہ سودی لین دین کی بدولت ؛ حراالفع کمائیں یثرب میں یہود کے تین مشہور قبائل تھے۔

۱۔ بنوقینقاع (یہ یثرب کے اندر رہتے تھے اور خزرج کے حلیف تھے)

۲۔ بنونضیر (یہ یثرب کے اندر رہتے تھے اور خزرج کے حلیف تھے)

۳۔ بنوقریظہ (یہ یثرب کے اطرف میں رہتے تھے اور اوس کے حلیف تھے)

ایک مدت سے یہی قبائل اوس اور خزرج کے مابین جنگ بعوث کے شعلوں میں عربوں کو ایندھن بنا کر اہل عرب کو اپنے معاشی شکنجہ میں جکڑ رہے تھے اور اب یہ یہودی ایک سازش کے تحت طویل عرصے سے باہم دست وگریباں اوس اور خزرج قبائل کو اپنے حلیف اور آلہ کار عبداللہ بن ابی بن سلول کی سربراہی پر متفق کرچکے تھے اور اس کی بادشاہت کی تیاریاں زوروں پر تھیں تاکہ یہودی عربوں کو صرف معاشی طور پر ہی نہیں بلکہ مکمل طور پر غلام بناسکیں۔

یہ سن ہجری کے ابتدائی ایام تھے اور جمعۃ المبارک کا دن تھا اس دن نہ صرف عبداللہ بن ابی کی بادشاہت کا خواب چکنا چور ہوگیا بلکہ یہود کے تمام منصوبے خاک میں مل گئے۔ کیونکہ یثرب مدینۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بن چکا ہے اور اللہ کے آخری نبی مدینہ تشریف لاچکے جو تمام تعصبات سے بالاتر ہر انسان کو انسان کی غلامی سے نکل کر

صرف اللہ کی غلامی کے سایہ عافیت میں آنے کی ترغیب دیتے تھے۔

اور اس وقت تو یہود کے علم وفضل کا غرور اور پیشوائیت کا بت پاش پاش ہو گیا جب ان کے سب سے بڑے عالم حصین بن سلام نے یہود کی نظر میں انتہائی حقیر قوم عرب کے ایک شخص جو اللہ کے آخری نبی بھی تھے ان کے ہاتھ پر اسلام قبول کر کے اور عبداللہ بن سلام بن کر اسرائیلی تفاخر کی دھجیاں اڑا دیں یہی وجوہات تھیں کہ یہود مسلمانوں سے سخت متنفر تھے کیونکہ تعصب نے انہیں اندھا اور بہرا کر دیا تھا اس ہی تعصب کی وجہ سے یہود نے ہمیشہ مسلمانوں کے خلاف سازشوں کا بازار گرم رکھا اور آتش انتقام میں یہود نے بدر و احد اور خندق کے معرکوں میں اپنی تمام صلاحیتیں مسلمانوں کے خلاف استعمال کیں مگر فتح مکہ کے بعد تو ان کے تمام ارادوں پر اوس پڑ گئی اور اب جبکہ یہ مسلمانوں کو کسی میدان میں شکست نہ دے سکے تو اپنی فطرت کے زیر اثر انہوں نے گھر کا بھیدی بن کر لنکا ڈھانے کی سوچی اور یہ لوگ منافقت کی آڑ میں مسلمان ہونا شروع ہو گئے۔ عبداللہ بن ابی' سعد بن حنیف' زید بن الصلت' نعمان اوفیٰ ابن عمرو' رافع بن حریملہ' سلسلہ ابن برہام' رفاعہ بن زید' کنانہ ابن صوریا ان لوگوں سمیت بڑے بڑے یہود ان کے سرخیل تھے اور انہوں نے اسی وقت مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کی کوشش کی مگر خود ایک فرقہ بن گئے جس کی طرف قرآن نے واضح اشارہ دیا۔

ولا تکونوا من المشرکین من الذین فرقوا
دینهم وکانوا شیعاً ٥

"مسلمانو! مشرکین میں سے نہ ہو جانا جنہوں نے دین
اسلام میں تفریق پیدا کی اور شیعہ ہو گئے۔" (سورہ روم آیت نمبر ۳۲،۳۱)

ان الذین فرقوا دینهم وکانوا شیعاً لست منهم فی شیئ

بے شک جنہوں نے دین میں تفرقہ ڈالا اور شیعہ ہوگئے
(اے نبیؐ) تیرا ان سے کوئی تعلق نہیں'' (سورہ الانعام آیت نمبر ۱۵۹)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ انبیا میں سب سے آخر زمانہ ہے اور آپؐ نے منافقت کے پردے میں چھپے اس دشمن سے آگاہ ہونے کے بعد فرمایا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یظهر فی آخر الزمان قوم یسمعون الرافضة یرفضون الاسلام

''جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آخری زمانے میں ایک قوم ظاہر ہوگی جو رافضہ ہوگی اور جو اسلام سے نکل جائے گی''

(مسند احمد ج ا س ۱۰۳)

صرف یہی نہیں بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان روافض کی واضح نشانی بھی بتائی

عن علیؓ قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم سیاتی بعدی قوم لهم نبر یقال لهم الرافضه فان ادرکتهم فاقتلهم فانهم مشرکون قال قلت یا رسول الله ما العلامة لهم اوفیهم قال یقرطونک ما لیس فیک و یطعنون علی السلف وینتحلون حبنا اهل البیت ولیسوا کذلک ورأیت دلک یسبون ابابکرؓ وعمرؓ

''حضرت علیؓ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد ایک قوم ہوگی جسے رافضی کہا جائے گا اگر تم انہیں پاؤ تو ان سے قتال کرو کیونکہ وہ مشرک ہوں گے حضرت علیؓ کے استفسار پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انکی علامتیں بتائیں کہ وہ تمہاری

ذات میں غلو کریں گے اور اسلام پر طعن کریں گے اور اہل بیت کی
محبت کا دعویٰ کریں گے حالانکہ وہ ہماری محبت سے خالی ہوں گے اور
ابوبکرؓ اور عمرؓ کو برا بھلا کہیں گے (گالیاں دیں گے)"

(صواعق محرقہ ص ۱۳۱، جز ثانی)

مگر منافقت کے پردے میں چھپے شیعوں (روافض) نے اپنی ریشہ دوانیوں اور سازشوں کا جال بڑی منافقت اور شاطر بازی سے پھیلایا اسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے پردہ فرمانے کے فوراً بعد ارتداد اور منکرین زکوٰۃ کے جو فتنے پیدا ہوئے وہ بھی شیعوں (روافض) کی زیر زمین تحریک کا نتیجہ تھے جن و خلیفہ بلا فصل صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اللہ کے فضل سے بڑے تدبر اور فراست سے ختم کر دیا اور خود اپنے یار غار سے جا ملے آپ کے بعد جناب فاروق اعظمؓ نے بھی اللہ کے فضل سے دنیا کی دو عظیم الشان سپر طاقتوں روم کی عیسائی اور ایران کی مجوسی سلطنتوں کی دھجیاں اڑا کر اسلام کا جھنڈا بلند کیا مگر بڑھتے اور فتوحات کے اس دور میں بھی آستین کے سانپوں کی تحریک کو اپنی طاقت بڑھانے کا خوب موقع ملا اور سقوط ایران کے بعد تو ایران کے مجوسی بھی ان کی طاقت بن گئے تھے کیونکہ اقوام عالم کی تاریخ کا مطالعہ کرنے والے حضرات یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ احساس برتری یا تفاخر کے نفسیاتی عارضہ میں مبتلا اقوام مفتوح ہو جائیں یا ان کی حیثیت متاثر ہو جائے یا ان کی طاقت چھن جائے جس سے ان کے نفسیاتی عارضہ کو ٹھیس پہنچے تو وہ اقوام فتنوں اور سازشوں کے ذریعے تخریبی کاموں میں مشغول ہو جاتی ہیں اور مذکور عوامل کے ذریعے اپنی انفرادیت قائم کرنے کی کوشش کرتی ہیں فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور میں چونکہ اس تحریک کو کبھی کھل کر کام کرنے کا موقع نہیں مل سکتا تھا اس لئے جناب امیر المومنین رضی اللہ عنہ کو شہید کئے بغیر چارہ کار نہیں تھا اسی لئے ایرانی ابولولو فیروز ملعون خلیفۃ الرسولؐ کو شہید

سے تاریخ شیعیت میں بابا شجاع کے نام سے معروف ہو گیا حتیٰ کہ حضرت عثمان ذوالنورینؓ کی خلافت کا زمانہ آ گیا اس دور میں جناب ذوالنورینؓ کی نرم دلی تواضع، انکساری اور رحم دلی سے یہود اور مجوسیوں کو کھلم کھلا گٹھ جوڑ کا موقع ملا مشہور شیعہ مورخ حسین کاظم زادہ نے اس گٹھ جوڑ کی وجہ یوں تحریر کی ہے

"جس وقت سعد بن ابی وقاص نے خلیفہ دوم کی جانب سے ایران کو فتح کیا ایرانی اپنے دلوں میں کینہ وانتقام پالتے رہے یہاں تک کہ فرقہ شیعہ کے بنیاد پڑنے پر اس کا پورے طور پر اظہار کرنے لگے۔

آگے چل کر یہی صاحب رقمطراز ہیں

"ایرانی ہرگز اس بات کو نہیں بھول سکتے تھے نہ معاف کر سکتے تھے اور نہ قبول کر سکتے تھے کہ مٹھی بھر ننگے پیروں پھرنے والے عربوں نے جو صحراؤں اور جنگلوں کے رہنے والے تھے ان کی مملکت پر تسلط کر لیا ہے اور ان کے قدیم خزانوں کو لوٹ کر غارت کر دیا ہے اور ہزاروں لوگوں کو قتل کر دیا۔"

([illegible] تجلیات روح ایران ص ۱۰۰ از [illegible])

یہاں میں اس بات کی وضاحت کرتا چلوں کہ فتنہ شیعہ یا روافض کی اصل طاقت اور مرکز تو ایران ہی تھا مگر اس کے بانی و موجد اور اس طاقت کو صحیح طور پر منظم کرنے کا سہرا عبداللہ بن سبا یمنی کے سر ہے جو کہ انتہائی شاطر یہودی تھا یہی وجہ ہے کہ بعض لوگ اس فتنہ کو سبائی تحریک یا سبائیت بھی کہتے ہیں ہمارے اس بیان کی تائید میں علامہ مجلسی شیعی رقمطراز ہیں

وذكر بعض اهل العلم ان عبدالله بن سباء كان يهوديا فاسلم و والى عليا عليه السلام وكان يقول وهو

علی یهودية في يوشع بن نون وصى موسى بالغلو فقال
في اسلامه بعد وفات رسول صلى الله عليه وسلم الله في
عليّ مثل ذلک وکان اول من أشهر بالقول بفرض
إمامة عليّ واظهر البراء ة اعدائه وكاشف مخالفيه
وأكفرهم فمن هنا قال من خالف الشيعة أصل التشيع
والرفض مأخوذ من اليهودية•

"بعض اہل علم نے ذکر کیا ہے کہ عبداللہ بن سبا یہودی تھا
پس اسلام لے آیا اور حضرت علی کی ولایت کا قائل ہوا یہ اپنی یہودیت
کے زمانے میں یوشع بن نون کے بارے میں غلو کرتے ہوئے کہا
کرتے تھا کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کے وصی ہیں پس اسلام لانے کے
بعد وہ اس قسم کی باتیں حضرت علی کے متعلق کہنے لگا۔ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم کی وفات کے بعد وہ آپ کے وصی تھے یہ سب سے پہلا شخص ہے
کہ جس نے اس بات کو مشہور کیا حضرت علی کی امامت کا قائل ہونا
فرض ہے اور اس نے حضرت علی کے دشمنوں پر اعلانیہ تبرا کیا اور
حضرت علی کے مخالفین کو واشگاف کیا اور ان کو کافر کہا یہیں سے وہ
لوگ جو شیعہ کے مخالف ہیں یہ کہتے ہیں تشیع اور رافضیت یہودیت کا
چربہ ہے۔"

(مختصر • ج۲۵ ص۲۹)

اور اسی صفحہ پر علامہ موصوف کا یہ حاشیہ بھی بڑا معنی خیز ہے

كان قبل ذلک يتقون ولايقولون علانية
تلک الامور فطهر و ترک التقيه وعلن القول بذلک

القول بكفر المخالفين مخصصاته لعنة الله عليه

"اس (عبداللہ بن سباء) سے پہلے لوگ تقیہ سے کام لیتے تھے اور ان امور (تبرا اور غلو) کو اعلانیہ نہیں کہتے تھے لیکن اس ملعون نے تقیہ چھوڑ کر ان باتوں کو اعلانیہ ذکر کرنا شروع کر دیا مخالفین امامت کو کافر کہنا بھی اس کی خصوصیات میں سے اس پر اللہ کی لعنت ہو۔"

(حاشیہ بحار الانوار ج ۲۵ ص ۲۸۹)

مندرجہ بالا بیان سے جہاں ہمارے بیان کی تائید ہوتی ہے وہاں اس بات کا بھی پتہ چلتا ہے کہ عبداللہ بن ابی بن سلول کی اختراع عقیدہ تقیہ حضرات شیعہ کے نزدیک اس درجہ اہم ہے کہ اس کے چھوڑنے والے پر لعنت دی جاتی ہے۔ نیز حضرات شیعہ کا محور عقیدہ امامت اور تبرا کا موجد بھی عبداللہ بن سباء تھا عقائد کے اس بکار سے اس کا مقصد یہود کا کھویا ہوا وقار بحال کرنے کے ساتھ ساتھ یہودی قوانین کا نفاذ اور یہودی حکومت کا قیام تھا ہمارے اس بیان کو مزید تقویت حضرات شیعہ کی معتبر ترین ہستی جناب کلینی کی کتاب میں موجود باب اور اس کی ذیلی روایات سے ہوتی ہے۔

باب فی الائمہ انہم اذا ظہر امرہم حکموا بحکم آل داؤد ولا یسالون البینۃ

"یعنی کہ جب آئمہ کی حکومت ہوگی تو حکم آل داؤد کے موافق فیصلہ کریں گے اور شہادت طلب نہیں کریں گے۔"

(اصول کافی کتاب الحجۃ ص ۳۹۷)

دراصل عبداللہ ابن سباء کے ایجاد کردہ عقائد مشرکین یہود نصاریٰ اور ایران مجوسیت کا ملغوبہ تھے اور ان عقائد کا زیادہ تر نشانہ نو مسلم تھے کیونکہ پختہ نہ ہونے کی وجہ سے نومسلموں کے لئے ان عقائد میں بہت کشش تھی جو ان کے قدیم مراسم اور سابقہ

مذہبی عقائد سے بڑی حد تک مماثلت رکھتے تھے عقائد کے اسی بگاڑ کو بطور ہتھیار استعمال کرتے ہوئے اس رافضی گروہ نے نومسلموں کی تخریبی انداز میں ذہن سازی کر کے پوری سلطنت میں تخریب کاری کا جال پھیلا دیا۔ اور اس پورے تخریبی نظام کو وہ منظم کنٹرول کرتا رہا۔ مالک الاشتر النخعی، ثابت بن قیس الہمدانی، کمیل ابن زیاد، زید بن صوحان، صعصعہ بن صوحان، صعصعہ بن الکواء، عروہ بن الجعد، جندب بن زہیر الغامدی، جندب بن کعب الازدی، عمرو بن الحمق الخزاعی، ابن الحلنہ، عمیر بن ضابی اور حکیم بن جبلہ العبدی اس کے تخریبی نظام کے اہم مہرے تھے اور یہی وہ لوگ تھے جنہوں نے بالآخر سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی نرمی کا فائدہ اٹھا کر اپنی بھرپور طاقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مظلوم ترین انسان امیر المومنین کو انتہائی کسمپرسی کی حالت میں شہید کر دیا سیدنا عثمان کی شہادت ملت اسلامیہ کا وہ المیہ ہے جو آگے چل کر جنگ جمل و صفین کے معرکوں میں ایک لاکھ کے لگ بھگ مسلمانوں کی شہادت کا موجب بنا مگر آپ کی شہادت کا یہ قصاص بھی کارکنان قضا و قدر کے یہاں پورا نہ اترا۔ اور ربع صدی تک تمام عالم اسلام خاک و خون میں لوٹتا رہا اور آج تک شیعہ سنی چپقلش کی صورت میں موجود ہے اور جب تک امت مسلمہ اپنے حقیقی منافق دشمن پہچان کر کوئی بہتر حکمت عملی اور صحیح لائحہ عمل اختیار نہیں کرتی تو جنگ جاری رہے گی سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے بعد جناب سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں بھی انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سخت کرب میں مبتلا رکھا حضرات شیعہ کے نزدیک معتبر ترین کتاب نہج البلاغہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خطبہ کے الفاظ ہیں کہ

فاتلکم الله لقد ملاتم قلبی قیحاو شحنتم
صدری غیظا وجرعتمونی نغب التهمام انفاسا فاسد تم
علی رایی بالخذلان والعصیان

"اللہ تمہیں ہلاک کرے تم نے میرا دل زخموں سے بھر دیا ہے سینہ غموں سے لبریز کر دیا ہر دم تم لوگوں نے مجھے دکھوں اور غموں کے جرعے پلائے تم نے میرا ساتھ چھوڑ امیری نافرمانی کی اور مجھے رسوا کیا اور میری تدبیروں کو برباد کر دیا" (نہج البلاغہ ص ۷۰)

مشہور شیعہ مورخ ابوالفرج اصفہانی حضرت علی کے خطبہ کے الفاظ یوں رقمطراز ہیں

یااشباہ الرجال والارجال ویا طغام الاحلام وعقول ربات الحجال و ددت انی لم اعدکم بل وددت انی لم ارکم معرۃ واللہ جرعت ندماً وملاء تم جوفی غیظاً بالعصیان والخذلان

"اے زنان بصورت مردوں اے کمینو زمانہ عقل والوں میری آرزو ہے کاش میں تمہیں نہ جانتا نہ پہچانتا اور اے کاش میں نے تمہیں کبھی نہ دیکھا ہوتا مجھے انتہائی ندامت ہے اور تم پر غصہ ہے تم میرے نافرمان اور رسوا کرنے والے ہو" (کتاب اغانی ج ۱۵ص ۴۳)

غرض کہ انہوں نے حضرت علی کی خلافت کو نام نہاد یا برائے نام بنا دیا اور آپ کو سخت رنجیدہ کیا ہمارے اس قول کی گواہی میں معتبر شیعہ عالم قاضی نوراللہ شوستری رقمطراز ہیں

وحاصل کلام آنکہ آنحضرت مادر آں ایام نام خلافت بیش نہ بودہ ہموارہ او فتنہ تمکن و قعاعد انصار و تخاذل اعوان شکایت می نمودند

"اور حاصل کلام یہ ہے کہ ان دنوں حضرت علی کی خلافت

برائے نام تھی اور اپنی کمزوری اور اپنے اعیان وانصار (یعنی کہ قریبی لوگوں) کی پستی اور پہلو تہی کی شکایت فرماتے تھے۔"

(مجالس المومنین مجلس ۔ ص ۔ ۶۰)

مختصر ایہ کہ سیدنا علیؓ کی ہستی وہ مظلوم شخصیت تھی کہ جو اس زیرِ زمین سازشی تحریک کا سب سے زیادہ نشانہ بنی کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے قریبی تعلق خونی رشتہ عظمت اور صاحب علم ہونے کی وجہ سے سیدنا علیؓ ایک ممتاز مقام رکھتے تھے اسی لیے اس سازشی تحریک نے آپؓ سے اپنی نسبت کا اظہار اور آپ سے اپنی قربت کا پرچار کر کے آپؓ کی شخصیت کو استعمال کرتے ہوئے نہ صرف اپنے نام کے لیے میدان ہموار کیا بلکہ اپنے بہت سے ہمنوا بھی پیدا کیے جس کی وجہ سے یہ اتنے طاقتور ہو گئے کہ کہیں تو حضرت علیؓ کی الوہیت کی داستانیں گھڑیں اور کہیں حضرت علیؓ کی ان کوششوں کو تاراج کیا جو آپس کی غلط فہمیوں کو دور کرنے کے لیے حضرت علیؓ کی طرف سے ہوئیں جس کی وجہ سے جنگ جمل، صفین میں بہت سے مسلمان ان کی سازشوں کی بھینٹ چڑھ گئے یعنی کہ انہوں نے حضرت علیؓ سے اپنی نسبت کا پرچار کر کے نہ صرف یہ کہ حضرت علیؓ کو مفلوج کر دیا بلکہ اس کو بطور دفاعی ہتھیار آج تک تھاما ہوا ہے حضرت علیؓ کی خلافت کو مفلوج کرنے سے اس سازشی ٹولہ کا مقصد نظام خلافت کا خاتمہ تھا اس کے لئے انہوں نے جو جال بچھایا خود حضرت علیؓ بھی اس کی بھینٹ چڑھ گئے۔ آپؓ کی شہادت کے بعد آپ کے صحیح جانشین سیدنا حسنؓ نے کمال دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے والد سیدنا علیؓ کی وصیت

وان عليا ابى كان يقول لا تكرهو امارة معاوية
فانكم لوفار قتموه لرائيتم الرؤس كندر عن
كواهلحها كاالحنظل

''میرے والد علی فرماتے تھے کہ معاویہ کی امارت سے تم
کراہت نہ کرنا۔ یونکہ اگر تم نے ان کو بھی کھو دیا تو تم دیکھنا کندھوں پر
سے حنظل کی طرح سر گریں گے۔''

(البدایہ والنہایہ ج۸ ص۱۳۱ شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید ج۳ ص۳۶)

(۸) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشن گوئی

ابنی هذا سید و لعل الله ان یصلح به بین فئتین
عظیمتین من المسلمین

''میرا یہ بیٹا (حسن) سردار ہے امید ہے اللہ اس کے
ذریعے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح کرائے گا۔''

(تفہیم البخاری کتاب الصلح ج۱ ص۱۳۲۹)

و پورا کر کے حضرت سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور سبائیوں کے تمام منصوبے خاک میں ملا دیئے مگر اس کے بعد بھی روافض نے اپنے گماشتوں کی معرفت مصالحت کے اس فیصلہ کو سبوتاژ کرنے کے لئے آپ رضی اللہ عنہ پر نہایت دباؤ ڈالا مگر کامیاب نہ ہونے کی صورت میں اپنے ایک آلہ کار کے ذریعے آپ کو زہر دے کر شہید کرا دیا سیدنا حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد آپ کے چھوٹے بھائی سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کو بھی ایک سازش کے تحت کربلا میں بلا کر شہید کر دیا اس ساری سازش کے روح رواں یہی کوفی شیعہ تھے ہمارے اس قول کی گواہی میں مشہور شیعہ مصنف صاحب خلاصۃ المصائب رقمطراز ہیں

لیس فیهم شامی ولا حجازی بل جمیعهم
اهل الکوفة

''اہل بیت کو شہید کرنے والوں میں کوئی شامی یا حجازی

نہیں تھا بلکہ سب کے سب کوفی تھے۔" (خلاصۃ المصائب ص ۲۰۱)

اور مشہور شیعہ مجتہد نور اللہ شوستری اہل کوفہ کے مذہب کے متعلق رقمطراز ہیں

تشیع اہل کوفہ حاجت باقامت حجت نہ دارد وسنی بودن کوفی الاصل خلاف اصل ومحتاج دلیل است

"کوفیوں کا شیعہ ہونا اتنا واضح ہے کہ اس کے لئے کسی دلیل کی ضرورت نہیں اور کوفی الاصل کا سنی ہونا خلاف عقل اور دلیل کا محتاج ہے۔" (مجالس المومنین ا ص ۲۵)

یہی کوفی اشرار تھے جو امام حسینؓ کو شہید کرنے کے بعد رونے پیٹنے سے بھی اپنے آپ کو بے قصور ثابت نہ کر سکے اس سلسلہ میں علامہ طبرسی امام زین العابدین کے الفاظ رقمطراز ہیں

لما اتی زین العابدین بالنسوۃ من کربلا وکان مریضا واذا النسآء اہل الکوفۃ ینتدبن مشققات الجیوب والرجال معہن یبکون فقال زین العابدین بصوت ضئیل قد نہکتہ العلۃ ان ہؤلآء یبکون فمن قتلنا غیرہم

"جب امام زین العابدینؓ عورتوں کے ہمراہ کربلا سے تشریف لائے اور وہ بیمار تھے تو اس وقت کوفہ کی عورتیں اور مرد گریباں چاک رو پیٹ رہے تھے تو اس وقت امام زین العابدین کمزور آواز سے فرمانے لگے یہ لوگ رو رہے ہیں حالانکہ ان کے علاوہ ہمیں کسی غیر نے قتل نہیں کیا۔" (احتجاج ص ۱۵۸)

ہمارے اس بیان کے ثبوت میں کتب شیعہ سے مزید بہت سے حوالہ جات دستیاب ہو سکتے ہیں اس سلسلہ میں جلاء العیون جلد نمبر ۲ اور صفحہ نمبر ۵۹۳ پر سیدہ زینب کے دل سے نکلی ہوئی بددعا

''اے ماتم کرنے والوں تم قیامت تک ماتم ہی کرتے رہو گے یہی تمہاری سزا ہے۔''

بھی جناب باقر مجلسی صاحب نے لکھی ہے جو کہ

اور باقر مجلسی صاحب نے تو اس موضوع پر پوری کتاب رسالہ متعہ کے نام سے لکھ دی جس کا اردو ترجمہ مشہور شیعہ عالم سید محمد جعفر قدسی جائسی صاحب نے عجالہ حسنہ کے نام سے کیا ہے اس کتاب میں جناب مجلسی صاحب رقمطراز ہیں

''حضرت سید عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا جس نے
زن مومنہ سے متعہ کیا اس نے ۷۰ مرتبہ خانہ کعبہ کی زیارت کی۔''
(عجالہ حسنہ ص۱۲)

صرف یہی نہیں بلکہ خلاف فطرت عمل بھی ان حضرات کے نزدیک جائز ہے اس سلسلے میں ابو جعفر حسن طوسی رقمطراز ہے

سالت ابا الحسن الرضا علیہ السلام عن اتیان
الرجل المراۃ من خلفها فقال احلتها آیہ من کتاب اللہ
عزوجل

''امام موسیٰ رضا سے عورت کے پیچھے کی جانب سے کرنے
(وطی فی الدبر) کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا کتاب اللہ کی ایک
آیت سے حلال ہے۔'' (تہذیب الاحکام ج۷ ص۳۱۵)

اس بات سے آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ لواطت ان حضرات کے ہاں قطعاً کوئی معیوب فعل نہیں ہے اور صرف یہی نہیں بلکہ اغلام بازی بھی ان حضرات کا محبوب مشغلہ ہے اور اس سے انکے صرف خانگی امور پر اثر پڑتا ہے ورنہ یہ ان کے ... یہ قطعاً معیوب نہیں ہے اس سلسلے میں جناب ابو جعفر حسن طوسی لکھتے ہیں

ومن فجر بعلام فاوقبه لم تحل له اخته ولا امه

ولا ابسته امدا

''جس شخص نے کسی لڑکے سے لواطت کی اس شخص کے لئے لڑکے کی بہن ماں اور بیٹی ہمیشہ کے لئے حرام ہیں۔''

(تہذیب الاحکام ج ۷ ص ۳۰۹)

اس روایت سے جہاں ہمارے بالائی بیان کی تصدیق ہوتی ہے وہاں حضرات قارئین پر یہ بھی واضح کرتا چلوں کہ اغلام بازی ان حضرات کے لئے یوں بھی معیوب نہیں ہے کہ یہ ایرانی مجوسی ثقافت کی منہاج ہے۔ کیونکہ روساء مجوس کے ہاں لونڈے رکھنا ایک قابل فخر ثقافتی قدر سمجھی جاتی تھی یہی وجہ ہے کہ تیسری صدی ہجری کا مشہور شیعہ عالم ابومحمود الحسن بن نوبختی کہ جس کی تعریف نور اللہ شوستری مجالس المومنین کے صفحہ نمبر ۳۲۶ پر کرتا ہے یہی نوبختی لکھتا ہے کہ۔

وقالوا باباحة المحارم من الفروج والعلمان واعتلو فی ذالک بقول اللہ تعالی

''اور ہم (شیعہ) کہتے ہیں کہ محرمات حلال ہیں اور پیشاب گاہیں اور لونڈے اللہ کے ارشاد کے مطابق۔'' فرق الشیعہ ص ۴۲)

یہی نوبختی مزید صراحت سے اپنی اس بات کی وضاحت ایک جگہ مزید اس طرح کرتا ہے

ویقول بالا باحة للمحارم ویحلل نکاح الرجال بعصهم بعصافی ادبارهم ویزعم ان ذالک من التواضع والتذلل وانه احدی الشهوات والطیبات وأن اللہ عزوجل لم یحرم شیأ من ذلک

''فرماتے ہیں (امام جعفر صادق) محرمات حلال ہیں اور

ان کے ساتھ نکاح بھی جائز ہے اور ان کا بھی (مردوں کا باہم) نکاح جائز ہے اور یہ ایک دوسرے کی شرمگاہیں استعمال کر سکتے ہیں کیونکہ اس فعل میں تواضع اور انکساری پائی جاتی ہے اور یہ فعل خواہشات اور فطرت میں سے ہے بے شک اللہ نے ان باتوں میں سے کوئی بھی حرام قرار نہیں دی ہے۔" (فرق الشیعہ ص ۹۳)

غرض یہ کہ اس بارے میں مزید کچھ لکھنے سے بہتر ہے کہ میں آپ حضرات کو آگاہ کردوں کہ یہ ان حضرات روافض کا وہ عقیدہ ہے جس کے ذریعے یہ لوگ مجوسی ثقافت کا تحفظ یقینی بنا کر اسلامی معاشرے کو کھوکھلا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس لئے میں حضرات اہلسنت کو یہ تنبیہ کرنا میں اپنی ذمہ داری سمجھتا ہوں کہ جس حد تک ہو سکے اپنے آپ کو ان کوئی اشرار کے اس پھندے سے بچا کر رکھیں حضرات روافض کے نزدیک اس کی کتنی اہمیت ہے اس بات کا اندازہ فتح اللہ کاشانی صاحب کی اس روایت سے ہوگا جس کو انہوں نے امام جعفر صادق کی معرفت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کی ہے۔

من تمتع مرة فدرجة كدرجة الحسينؑ ومن تمتع مرتين فدرجة كدرجة الحسنؑ ومن تمتع ثلث مرات فدرجة كدرجة عليؑ ومن تمتع اربع مرات فدرجة كدرجتي

"جو ایک دفعہ متعہ کرے گا وہ حسین کا درجہ پائے گا، جو دو دفعہ متعہ کرے گا وہ حسن کا درجہ پائے گا، جو تین دفعہ متعہ کرے گا وہ علی کا درجہ پائیگا اور جو چار دفعہ متعہ کرے گا وہ میرا (یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم) کا درجہ پائے گا۔" (تفسیر منہج الصادقین ص ۳۵۶)

تقیہ / کتمان

جھوٹ بولنا، دھوکہ دینا یا اپنے دین و مذہب کو چھپانا، کسی بھی مذہب میں کوئی اچھا کام نہیں سمجھا جاتا بلکہ بالعموم اس کو ایک معیوب فعل سمجھا جاتا ہے۔ اس کے برخلاف حضرات روافض اس فعل کو نہ صرف دین کا حصہ بلکہ اساس دین کہتے ہیں اور اس فعل کو تقیہ یا کتمان کا نام دیتے ہیں۔ ہم یہاں اس بات کی بھی وضاحت کرتے چلیں کہ ان حضرات روافض کا یہی عقیدہ ہے کہ جس کی وجہ سے بالخصوص حضرات اہلسنت ان کے مذہب کی گہرائیوں سے ناواقف ہیں اور اسی عقیدہ کی وجہ سے یہ حضرات اہلسنت کو دھوکہ دے کر بچ نکلتے ہیں اور ان کے عقائد و مذہب پر یہ تقیہ کے دبیز پردے پڑے رہ جاتے ہیں اسی عقیدہ کے مسئلہ میں کلینی صاحب ایک مستقل باب "باب کتمان" کے نام سے لکھ کر ایک روایت تحریر کرتے ہیں

قال لی ابو عبد الله علیه السلام یا ابا عمیر تسعة اعشار الدین فی التقیه ولا دین لمن لاتقیة له

"امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا اے ابو عمیر دین کے دس حصوں میں سے نو حصے تقیہ ہیں اور جو تقیہ نہیں کرتا وہ بے دین ہے۔" (اصول کافی ص ۴۸۲)

آگے مزید رقمطراز ہیں

قال ابو عبدالله علیه السلام یا سلیمان انکم علی دین من کتمه اعزه الله ومن اذاعه اذله الله

"امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا اے سلیمان تم ایسے دین پر ہو کہ جو اسے چھپائے گا اللہ اس کو عزت دے گا اور جو

اسے ظاہر کرے گا اللہ اس کو ذلیل و رسوا کرے گا۔" (اصول کافی ص ۴۸۵)

اور اس روایت سے پہلے یہی کلینی صاحب اس عقیدہ میں شدت پیدا کرنے کیلئے آئمہ عظام پر بھی بہتان تراشنے سے نہیں چوکتے' کہتے ہیں

قال ابو جعفر علیه السلام التقیه من دینی و دین ابائی ولا ایمان لمن لا تقیه له

"امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں تقیہ میرا اور میرے آباء اجداد کا دین ہے جو تقیہ نہیں کرتا اس میں ایمان نہیں ہے۔"

(اصول کافی ص ۴۸۴)

ابن بابویہ قمی المعروف شیخ صدوق صاحب رقمطراز ہیں۔

ان اکرمکم عندالله اتقاکم

"اللہ کے نزدیک وہ شخص زیادہ اعزاز والا ہے جو زیادہ تقیہ کرتا ہے۔" (رسالہ اعتقادیہ صدوق مترجم ص ۲۰۲)

یہی صاحب مزید وضاحت کرتے ہوئے آگے رقمطراز ہیں

والتقیة واجبة لا یجوز رفعها الی ان یخرج القائم فمن ترکها قبل خروجه فقد خرج من دین الله تعالی ومن دین الامامیة و خالف الله ورسوله والائمة

"تقیہ واجب ہے اور اس کا ترک کرنا جائز نہیں اس وقت تک کہ امام مہدی کا ظہور نہ ہو بس جس کسی نے تقیہ کو امام کے ظہور سے پہلے چھوڑا تو وہ اللہ کے دین اور دین امامیہ سے نکل جائے گا اور وہ اللہ اللہ کے رسول اور آئمہ کا مخالف ہوگا۔"

(رسالہ اعتقادیہ صدوق مترجم ص ۴۷۲)

خمینی اس سلسلے میں مسائل نماز بیان کرتے ہوئے کہتا ہے

ثانیها التکفیر وهو وضع احدی الیدین علی الاخری نحو ما یصنعه غیرنا ولا باس حال التقیه

''دوسرا عمل جو نماز کو باطل کر دیتا ہے ہاتھوں کو ایک دوسرے پر رکھنا ہے جیسے دوسرے کرتے ہیں ہاں تقیہ کے طور پر جائز ہے۔''

(تحریر الوسیلہ ج ا ص ۱۸۶)

مزید آگے رقمطراز ہیں:

تاسعها تعمد قول امین بعد اتمام الفاتحة الامع التقیه فلا باس به

''اور نویں چیز جس سے نماز باطل ہو جاتی ہے بالقصد فاتحہ کے بعد آمین کہنا ہے البتہ تقیہ کے طور پر جائز ہے۔''

(تحریر الوسیلہ ج ا ص ۱۹۰)

آخر میں باقر مجلسی کی حق الیقین کا ایک اقتباس نقل کرتا ہوں کیونکہ یہ خاصا طویل اقتباس ہے اور اس کا ترجمہ بھی مشہور شیعہ عالم سید بشارت حسین نے لیا ہے اس کے اردو ترجمہ سے ان کے اقتباس کو نقل کرنے کے بعد جہاں اس موضوع پر میں اپنے بیان کو مکمل کروں گا وہاں آپ حضرات کو اس بات سے بھی بخوبی آگاہی حاصل ہوگی کہ اہل ایمان کے درمیان اپنی زیست کی چند گھڑیوں کو آسان بنانے کے لئے کفر کیا کیا شعبدہ باز عقیدوں کو جنم دیتا ہے اور اس سے اس کو کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

''مخالفین میں سب سوائے مستضعفین کے آخرت کے احکام میں کفار کا حکم رکھتے ہیں اور جہنم سے خارج نہ ہوں گے اور دنیا میں بھی کفار کا حکم رکھتے ہیں لیکن چونکہ خدا جانتا تھا کہ حکومت باطل

حکومت حق پر قائم آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم عجل اللہ فرجہ سے پہلے غالب ہوگی اور شیعوں کو معاشرت و معاملات میں مخالفوں کے ساتھ رہنا ہوگا اس باطل حکومت میں اکثر احکام اسلام کو ان پر جاری کیا تاکہ ان کی جان و مال محفوظ رہے اور انکی طہارت کا حکم کریں اور ان کا ذبیحہ حلال سمجھیں اور لڑکیاں ان سے لیں اور ان کو میراث دیں اور ان سے حاصل کریں اور تمام احکام اسلام ان پر جاری کریں تاکہ شیعوں کی زندگی ان کی حکومت میں دشوار نہ ہو اور جب حضرت صاحب الامر ظاہر ہوں گے تو وہ حضرت بت پرستوں کا حکم ان پر جاری کریں گے اور وہ تمام احکام میں مثل کفار ہوں گے۔''

(ترجمہ حق الیقین ج ۲ ص ۲۱۶)

رجعت

قرآن مجید اور ارشادات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تواتر سے حضرات اہلسنت کے اس عقیدہ کی تائید ہوتی ہے کہ تمام بنی آدم قیامت ہی میں زندہ کئے جائیں گی اور اللہ رب العزت کی جانب سے جزا و سزا کے مستحق ٹھہریں گے اور اللہ ہی کی طرف سے ثواب و عذاب کا فیصلہ ہوگا۔ اس کے برخلاف حضرات روافض کا عقیدہ ہے کہ امام مہدی کے ظہور کے وقت بھی اسی قسم کا معاملہ ہوگا اور اسے یہ حضرات رجعت کا نام دیتے ہیں اردو زبان میں حضرات روافض کی عقائد و اعمال پر مستند ترین کتاب میں رجعت کا بیان اس طرح ہے:

''اور ایمان لانا رجعت پر بھی واجب ہے یعنی کہ جب امام مہدی ظہور و خروج فرمائیں گے اس وقت مومن خاص اور کافر اور منافق مخصوص زندہ ہوں گے اور ہر ایک اپنی داد اور انصاف کو پہنچے گا

اور ظاہر ہو کر ... سے ... گا" (... ص ۱۵)

اس کے علاوہ بھی تمام کتب شیعہ میں جہاں کہیں بھی امام مہدی کے ظہور کا ذکر ہے اس سے مراد وہی رجعت ہے جس کی وضاحت پر سب سے زیادہ مواد مجلسی صاحب کی حق الیقین میں ہے اور یہ تمام مواد تمام کتب شیعہ کا اس موضوع پر نچوڑ ہے جس کی شہادت خود مصنف موصوف نے دی ہے۔ اس حق الیقین کا اردو ترجمہ دو جلدوں میں مشہور شیعہ عالم سید بشارت حسین نے کیا ہے چونکہ اصل بیان خاصہ طویل ہے اس لئے اسی کو مد نظر رکھ کر کئے جانے والے ترجمہ ہی سے ہم استفادہ کریں گے۔ ترجمہ حق الیقین کی دوسری جلد میں صفحہ ۵ پر "نواں باب مقدمہ رجعت کے ثبوت میں" کا عنوان قائم کر کے صفحہ ۴۲ تک ان صاحب نے ... صفحات کو اپنی جہنم کا ایندھن بنایا اس میں جہاں آیات قرآنی اور احادیث ... جہاں رجعت کا ثبوت پیش کرنے کی کوشش کی ہے وہاں کئی عجیب و غریب باتیں اور قصہ کہانیاں ہیں جن سے حقیقت کا کوئی تعلق نہیں خیر ہم ... ان ... صفحات کا خلاصہ یا رجعت کی رام کہانی انہیں کی زبانی سنئے

"واضح ہو کہ شیعہ کے ... میں سے جو فرقہ حقہ کے مذہب حق کی ضروریات سے حقیقت رجعت ہے۔

تمام علماء شیعہ نے رجعت پر اجماع کیا ہے ...

مختصر الفقیہ روایت کی ہے حضرت امام جعفر صادق سے کہ وہ شخص ہم سے تعلق نہیں رکھتا جو ہماری رجعت پر ایمان نہ رکھتا ہو اور متعہ حلال نہ جانتا ہو اس حقیر (مصنف) نے کتاب بحار الانوار میں دو سو سے زائد حدیثیں چالیس سے زیادہ مصنفین علماء امامیہ سے نقل کی ہیں جنہوں نے پچاس معتبر اصل کتابوں سے درج کی ہیں" (ص ۱۵)

قرب قیامت کی نشانیوں میں سے قرآن عظیم میں ایک نشانی یہ بھی بیان ہوتی ہے کہ اس وقت زمین سے ایک عظیم الجثہ جانور برآمد ہوگا قرآن عظیم میں اس کے لئے دابۃ الارض کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ رجعت کے ثبوت میں ان آثار قیامت کو موثر طور پر پیش کرتے ہوئے جناب رقمطراز ہیں

"بہت سی حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ اس دابۃ الارض سے مراد علی علیہ السلام ہیں۔" (ص ۹)

پھر آگے مزید رقمطراز ہیں:

"جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا
جب خدا نے پیغمبروں کی روحیں پیدا کیں تو ان سے عہد و پیمان لیا کہ
ہم پر ایمان لائیں اور ہماری مدد کریں۔" (ص ۹)

"حضرت نے فرمایا میں بندہ خدا
بندہ رسول خدا کا بھائی میں ہوں امین خدا اور علم خدا کا خزینہ دار خدا
کے اسرار کا صندوق اور حجاب خدا اور وجہ خدا ہوں
ہم ہیں خدا کے اسماء حسنی اور اس کے امثال علیا اور اس کے آثار کبریٰ
اور میں ہوں جنت دوزخ کے تقسیم کرنے والا۔" (ص ۹)

"حضرت صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت
امیر المومنین علیہ السلام آئیں گے اور یہ آپ کی آخری واپسی ہوگی
راوی نے پوچھا کیا بہت سے رجعتیں ہوں گی (یعنی کہ حضرت بہت
مرتبہ واپس آئیں گے) فرمایا ہاں۔" (ص ۱۰)

اس کے بعد پہلے کی طرح قرآن عظیم کی آیتوں میں ابہام پیدا کر کے اپنے موقف پر ثبوت فراہم کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہوئے آگے چل کر صفحہ ۱ پر

رقمطراز ہیں

"اور جب ہمارا قائم ظاہر ہوگا عائشہ کو زندہ کرے گا تاکہ اس پر حد جاری کر سکے جب قائم علیہ السلام آل محمد علیہم السلام ظاہر ہوں گے خدا ان کی ملائکہ سے مدد کرے گا اور سب سے پہلے جو شخص ان کی بیعت کرے گا وہ محمدؐ ہوں گے اور ان کے بعد علی ہوں گے اور قائم علیہ السلام کے ظہور کی علامتوں میں سے ایک علامت یہ ہے کہ حضرت علیہ السلام برہنہ بدن قرص آفتاب کے سامنے ظاہر ہوں گے۔" (ص ۱۸)

اس کے بعد مزید کہانیوں گویا داستان ہزار کی طرح بے تکی ہانک کر جناب رقمطراز ہیں

"پھر حضرت کعبہ کی جانب پشت کرکے کھڑے ہوں گے اور دست موسیٰ کی مانند اپنا ہاتھ نکالیں ہوں گے جس سے نور تمام عالم روشن کردے گا اور فرمائیں گے جو اس ہاتھ پر بیعت کرے گا ایسا ہے کہ اس نے خدا سے بیعت کی۔" (ص ۳۰)

"اس تمام دن صاحب امر علیہ السلام کعبہ سے پشت لگائے کہیں گے کہ جو شخص چاہے کہ آدم، نوح، سام، ابراہیم، اسماعیل، موسیٰ، یوشع، عیسیٰ اور شمعون علیہ السلام کو دیکھے تو وہ مجھے دیکھے کیونکہ کمال سب میرے پاس ہے اور جو شخص چاہے کہ محمد و علی و حسن و حسین علیہم السلام اور حسین علیہ السلام کی ذریت سے آئمہ اطہار کو دیکھے تو وہ مجھے دیکھے اور جو چاہے مجھ سے سوال کرے کیونکہ وہ تمام علم میرے پاس ہے جن کی ان حضرات نے مصلحت نہ سمجھی اور خبر

نہ دی پھر قرآن کو پڑھیں گے جس طرح کہ حق تعالیٰ نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا تھا بغیر اس کے کچھ رد و بدل ہوا ہو جیسا کہ دوسرے قرانوں میں ہوا۔" (ص ۳۱)

"مفضل نے پوچھا کہ حضرت علیہ السلام خانہ کعبہ کا کیا کریں گے حضرت نے فرمایا منہدم کر دیں گے۔" (ص ۳۲)

اسی صفحہ پر مصنف موصوف امام مہدی کے لشکر اور اہل مکہ کے خارج از ایمان ہونے کا ذکر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

"اور جب یہ لشکر مکہ واپس آئے گا تو سو میں سے ایک شخص بھی ایمان نہ لائے گا بلکہ ہزار میں سے ایک بھی ایمان نہ لائے گا۔" (ص ۳۲)

آگے مصنف موصوف اپنے تعصب کا اظہار اس طرح کرتے ہیں

"امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک آہ کھینچی اور فرمایا اے مفضل بے شک زمین کے ٹکڑوں نے ایک دوسرے پر فخر کیا اور کعبہ معظمہ نے زمین کربلائے معلی پر فخر کیا تو خدا نے کعبہ کو وحی کی کہ ساکت رہ اور کربلا پر فخر مت کر کیونکہ وہ بقعہ مبارکہ ہے۔" (ص ۳۳)

آخر کار صفحہ نمبر ۳۴ اور ۳۵ پر وہ نقشہ کھینچا کہ حضرات خلفاء راشدین ابوبکرؓ و عمرؓ و مہدی روضہ رسول کی حرمت پامال کر کے اٹھائیں گے یعنی کہ زندہ کریں گے اور ان حضرات سے محبت و الفت رکھنے والوں ہلاک کریں گے اس کے بعد جناب لکھتے ہیں

"پھر ہر ظلم و جور جو ابتدائے عالم سے آخر تک ہوا ان سب کا گناہ ان کی گردن پر لازم قرار دیں گے۔" (ص ۳۵)

اس کے بعد من گھڑت عدالت و تعزیر کی نقشہ کشی کرنے کے بعد قمطراز ہیں۔

"ان پر عذاب کیا جائے گا یہاں تک کہ ایک شبانہ روز میں ہزار مرتبہ ان کو ماریں گے اور زندہ کریں گے اور پھر خدا جہاں چاہیگا ان کو لے جائے گا اور معذب کرے گا۔" (ص ۳۵)

غرضیکہ اس کے بعد مزید شکایتوں قتال، جدال اور قیامت سے پہلے قیامت کی راگنی الاپ کر اور ۳۸ صفحات اپنے نامۂ اعمال کی سیاہی سے سیاہ کرنے کے بعد صفحہ ۴۲ پر آخری سطر میں اس باب کا اختتام ان الفاظ میں کرتے ہیں

"یہ حدیث بہت طویل ہے ہم نے جس قدر اس مقام کے مناسب تھی درج کر دیا ہے۔" (ص ۴۲)

تاریخ تدوین فقہ جعفریہ

از امان اللہ ملک امذوکمت

اس فقہ کے نام سے ظاہر ہے کہ یہ امام جعفر کے نام سے منسوب ہے جس سے یہی تاثر ملتا ہے کہ امام جعفر کے عہد میں آیا آپ ہی زیر نگرانی اس فقہ کی تدوین ہوئی۔ مستند کتب شیعہ میں امام باقر تک فقہی اعتبار شیعہ کا دور جاہلیت ہی ثابت ہوتا ہے مثلاً اصول کافی نمبر ۲

ثم كانا محمد على ابا جعفر و كانت الشيعته قبل ان يكون ابو جعفر وهم لا يعرفون مناسك حجهم وحلالهم و حرامهم حتى كان ابوجعفر ففتح لهم وبين لهم مناسک حجهم و حلالهم و حرامهم حتى صار الناس يحتاجون اليهم من بعد ما كانوا يحتاجون الى الناس

"پھر امام باقر آئے ان سے پہلے تو شیعہ حج کے مناسک اور حلال وحرام سے بھی واقف نہیں تھے۔ امام باقر نے شیعہ کے لئے حج کے احکام بیان کئے اور حلال، حرام میں تمیز کا دروازہ کھولا یہاں تک کہ دوسرے لوگ ان مسائل میں شیعہ کے محتاج ہونے لگے جب کہ اس سے پہلے شیعہ ان مسائل میں دوسروں کے محتاج تھے۔"

اس اعتراف سے ظاہر ہے کہ امام باقر سے پہلے شیعہ حلال وحرام سے واقف ہی نہیں تھے۔

امام باقر کا سن وفات ۱۱۴ھ ہے یعنی پہلی صدی اور دوسری صدی میں فقہ جعفریہ کا وجود ہی نہیں تھا۔ اس لئے کسی اسلامی سلطنت میں اس کے نافذ کئے جانے کا

تصور بھی نہیں کیا جاسکتا ۔ اس زمانے میں خلافت راشدہ اور خلافت بنوامیہ کا اکثر حصہ شامل ہے پس یہ تاریخی حقیقت ہے کہ پہلی صدی میں فقہ جعفریہ کا نہ وجود تھا نہ کہیں اس پر عمل ہوتا تھا۔

اسلام کی دعوت کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال وحرام کی نشاندہی فرمادی تھی جب دین مکمل ہوگیا تو حلال وحرام عبادات معاملات وعقائد تمام چیزیں مکمل ہوگئیں ۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ صرف سب کچھ بتادیا بلکہ ان اصولوں پر ایک معاشرہ تیار کیا۔ خلافت راشدہ کے دور میں حلال وحرام کے ان مسائل پر عمل ہوتا رہا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائے تھے۔ مگر شیعہ کی معتبر ترین کتاب کے مؤلف صاحب "اصول کافی" کہتے ہیں کہ شیعہ حلال وحرام کا علم نہ تھا جس کا مطلب یہ ہے کہ شیعہ کو حلال وحرام کے ان مسائل اور حج کے ان مناسک سے تعلق کوئی نہیں تھا جو اسلام نے اور داعی اسلام نے سکھائے تھے۔

امام باقر کے متعلق کتب شیعہ سے اس بات کا سراغ ملتا ہے کہ آپ نے شیعہ کو حلال وحرام کا احساس دلایا اور ان کو حدود سے روشناس کرایا لیکن اس کا کہیں سراغ نہیں ملتا کہ آپ کی زیرنگرانی کسی فقہ کی تدوین ہوئی۔

اس کے بعد امام جعفر کا دور آتا ہے آپ کی وفات ۱۴۸ھ میں ہوئی چونکہ یہ فقہ ان کی طرف منسوب ہے اس لئے اس امر کی تلاش کی جائے آپ نے فقہ کی کوئی کتاب اپنی زیرنگرانی تیار کرائی ۔ تاریخ میں اس کا کوئی نشان نہیں ملتا۔ پھر اس کی صورت یہ ہوسکتی ہے کہ آپ نے جو روایات اور احادیث بیان فرمائیں انہی فقہی ابواب کے تحت جمع کرلیا گیا۔ بنیادی طور پر وہ حدیث کی کتابیں شمار ہوں گی۔ چونکہ انکی تدوین فقہی عنوان کے تحت ہوئی اس لئے ان کتب کو فقہ جعفریہ کی بنیادی کتابیں تصور کرلینا چاہیئے ۔ اس نوع کی کتابیں چار ہیں ان کو صحاح اربعہ کہتے ہیں

(۱) ''الکافی'' ابوجعفر یعقوب کلینی ۳۳۰ھ یعنی امام جعفر سے قریباً ایک سو اسی برس بعد کی تصنیف ہے۔

(۲) ''من لا یحضرہ الفقیہ'' محمد بن علی ابن بابویہ قمی ۳۸۰ھ یعنی امام جعفر سے قریباً دو سو تیس برس بعد۔

(۳) تہذیب الاحکام

(۴) ''استبصار'' محمد بن حسن طوسی ۴۶۰ھ یعنی امام جعفر سے قریباً ۳۱۰ھ برس بعد۔

فقہ جعفریہ کی ان چاروں کتابوں کا اگر تفصیل سے جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ پہلی کتاب ''اصول کافی'' اس وقت لکھی گئی جب خلفائے عباسیہ کے اکیسویں خلیفہ المتقی باللہ کا دور خلافت تھا۔ اور آخری کتاب کے مصنف کا سن وفات بتاتا ہے کہ اس وقت خلفائے عباسیہ کے بتیسویں خلیفہ القائم بامر اللہ کا دور خلافت تھا۔ گویا پانچویں صدی ہجری کے اواخر میں فقہ جعفریہ کامل طور پر وجود میں آئی اس لئے پانچویں صدی بلکہ سقوط بغداد تک اس فقہ کا کسی اسلامی حکومت میں نافذ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس کے بعد مصر میں عباسی خلافت مستنصر باللہ ۶۵۹ھ سے متوکل علی اللہ ثالث ۹۲۳ھ تک وہاں بھی اس فقہ کا نفاذ کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

پھر ترکان عثمانی کی خلافت عثمان اول ۱۲۸۸ھ سے ۱۹۲۴ء تک رہی جب مصطفیٰ کمال نے خلافت کا خاتمہ کر دیا اس عرصے میں بھی اس اسلامی سلطنت کے کسی حصہ میں بھی فقہ جعفریہ کے رائج ہونے کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ملتا۔

مختصر یہ کہ کسی اسلامی حکومت نے کسی دور میں فقہ جعفریہ کو اپنے دستور یا قانون میں جگہ نہیں دی۔

فقہ جعفریہ کے متعلق تاریخی سروے تو ضمناً آ گیا۔ بات یہ چل رہی تھی کہ امام جعفر کے بعد ایک سو اسی برس سے لیکر تین سو دو برس بعد تک یہ کتابیں مدون ہوئیں جو

امام جعفر سے منسوب کر کے فقہ جعفر یہ کی اصولی اور بنیادی کتابیں شمار ہوتی ہیں ظاہر ہے کہ اس عرصے میں امام جعفر کی روایات مختلف راویوں کے ذریعے ان محدثین کے پاس پہنچی ہوں گی اس لئے ان مسائل اور فقہ کی صحیح یا مشکوک ہونے کا انحصار ان رواۃ کی ثقاہت اور عدم ثقاہت ہے اس بناء پر ضروری ہے کہ جعفریہ فن رجال کے بیان کی روشنی میں اس حقیقت کا جائزہ لیا جائے۔

مشہور شیعہ مجتہد ملا باقر مجلسی نے اپنی مایہ ناز کتاب "حق الیقین" ص ۱۷۳ پر اس حقیقت کا اظہار یوں کیا ہے

> "اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ اہل حجاز و عراق خراسان و فارس وغیرہ سے فضلاء کی ایک جماعت کثیر حضرت باقر اور حضرت صادق نیز تمام آئمہ اصحاب سے تھی۔ مفضل زرارہ محمد بن مسلم ابو بریدہ ابو بصیر شاہین حمران جبیلہ مومن طاق امام بن تغلب اور معاویہ بن حمار اور ان کے علاوہ کثیر جماعت بھی تھی جن کا شمار نہیں کر سکتے اور کتب رجال اور علمائے شیعہ کی فہرستوں میں مسطور و مذکور ہیں یہ سب شیعوں کے رئیس تھے ان لوگوں نے فقہ حدیث وکلام میں کتابیں تصنیف کر کے تمام مسائل و جمع کیا ہے۔ ان لوگوں کا اختصاص آئمہ طاہرین کے ساتھ معلوم و محقق ہے جیسا کہ ابو حنیفہ کے ساتھ ابو یوسف اور اس کے شاگردوں کا اختصاص"۔

یہ اقتباس ایک طویل بیان کا حصہ ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ

1. اصحاب آئمہ کی کثیر جماعت جس کا شمار نہیں ان کے مطابق تو کہا نہیں جا سکتا مگر جن کا شمار کیا جا سکتا ہے ان کے نام دیئے گئے ہیں اور وہ شیعوں کے رئیس ہیں۔
2. آئمہ سے ان اصحاب نے فقہ و حدیث کے مسائل جمع کئے ہیں۔

۳ اگر یہ حضرات ثقہ ثابت ہو جائیں تو فقہ جعفر یہ آئمہ سے ماخوذ ثابت ہو سکتی ہے اس فقہ کا ماخذ کتاب اللہ سے تلاش کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ شیعہ عقیدہ کی رو سے یہ قرآن محرف ہے اور تحریف بھی پانچ قسم کی ہوئی ہے لہٰذا اس کا کیا اعتبار'

اب ہم ان روسائے شیعہ کے حالات شیعہ کتب رجال سے پیش کرتے ہیں

(۱) زرارہ:

یہ صاحب تو آئمہ کے بھی رئیس ہیں یہاں تک کہ ان کی علمی فضیلت امام جعفر کے ہم پایہ ہے۔'' رجال کشی '' میں ہے

قال اصحاب زرارہ من ادرک زرارہ بن اعین فقد ادرک ابا عبداللہ

'' زرارہ کے ساتھیوں کا کہنا ہے کہ جس نے زرارہ بن اعین کو دیکھا تو گویا اس نے ابوعبداللہ (یعنی امام باقر) کو دیکھ لیا۔''

ظاہر ہے کہ اس سے زیادہ تعریف اور کیا ہو سکتی ہے' مگر سوال تو امانت و دیانت اور کردار کا ہے سو اس کے متعلق رائے ملاحظہ ہو

'' یہ حکم ایسی جماعت کے حق میں ہے جن کی ضلالت پر صحابہ کا اجماع ہے جیسا کہ زرارہ اور ابوبصیر۔'' (حق الیقین اردو ص ۲۲ ۔ ۱)

یعنی زرارہ اور ابوبصیر بالاجماع گمراہ ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ جو خود گمراہ ہے وہ دوسروں کی رہنمائی کیا کرے گا جس راہ پر خود چلا ہے دوسروں کو بھی اسی راہ پر چلائے گا۔

قال (ای امام) نعم زرارہ شر من الیہود و النصاری ومن قال ان مع اللہ ثالث ثلاثہ (رجال کشی ۱۰۷)

'' امام جعفر نے فرمایا کہ زرارہ تو یہودی و نصرانی اور

تثلیث کے قائلین سے بھی برا ہے۔"

امام جعفر کا زرارہ کو قائلین اور تثلیث سے بھی برا قرار دینا خالی از علت نہیں اور نہ نری شاعری ہے اس سے یہ مراد ہو سکتی ہے کہ امام نے زرارہ کے متعلق آگاہ کر دیا کہ جس طرح قائلین تثلیث نے دین حق سے منہ موڑ کر تثلیث کا عقیدہ گھڑا اور ایک مخلوق کو گمراہ کیا اسی طرح زرارہ بھی دین اسلام سے منحرف ہو کر ایسے عقائد گھڑے گا کہ ایک دنیا گمراہ ہو جائے گی اور واقعی امام کا خدشہ درست ثابت ہوا۔

۳ امام جعفر نے فرمایا:

"لعن اللہ زرارہ لعن اللہ زرارہ لعن اللہ زرارہ" (رجال کشی ص ۱۰۰)

یعنی امام جعفر نے تین مرتبہ فرمایا کہ اللہ لعنت کرے زرارہ پر۔

ظاہر ہے کہ جس فقہ کا رئیس اعظم ایسا ہو جس کو امام نے بتاکید ملعون قرار دیا ہو اس فقہ کی ثقاہت افادیت اور فضیلت کا انکار کون کر سکتا ہے؟

امام تو آخر امام تھے اور امام بقول شیعہ معصوم ہوتا ہے اس لئے معصوم کے قول میں شک کی گنجائش کہاں؟ لہٰذا زرارہ کے ملعون ہونے کا انکار وہی کرے جو امام کا منکر ہو مگر دوسری طرف زرارہ کا رد عمل بھی نا قابل التفات نہیں۔ زرارہ کہتا ہے:

فلما خرجت ضرطت لحیته لا یفلح ابدا (رجال کشی ص ۱۰۶)

"یعنی جب میں باہر نکلا تو میں نے امام کی ڈاڑھی میں پاد مارا اور میں نے کہا کہ امام کبھی نجات نہ پائے گا۔"

مقابلہ بڑا عبرت ناک ہے اور ایک طرف سے لعنت برسائی جاری ہے دوسری جانب سے عدم نجات کی بشارت سنائی جا رہی ہے دیکھنا یہ ہے کہ جس امام کی ڈاڑھی میں پاد مارنے والا اور جس امام کو نجات نہ پانے کی اطلاع دینے والا اسی امام سے منسوب کر کے دین و فقہ سکھائے تو ایسے دین و فقہ کی حیثیت ارباب دانش ہی سمجھ

سکتے ہیں۔

(۲) ابوبصیرہ:

''حق الیقین'' میں زرارہ کے ساتھ گمراہی میں واحد حصہ دار ابوبصیر کو بتایا گیا ہے لہٰذا اسی کے متعلق پہلے بیان ہوتا ہے۔

فقہ جعفریہ کے مسائل میں یہ شخص بھی میں شمار ہوتا ہے اس لئے امام جعفر کے متعلق اس کا عقیدہ معلوم کر لینا کافی ہے۔

قال حلس ابو بصير على باب ابى عبدالله عليه السلام ليطلب الازن ولم يو دن له فقال لو كان معا طبق لازن قال فجار كلب فشغر فى وجه ابى بصير.

(رجال کشی ص ۱۱)

''راوی کہتا ہے ابوبصیر امام جعفر کے دروازے پر بیٹھا تھا اندر جانے کی اجازت چاہتا مگر امام اجازت نہیں دے رہے تھے ابوبصیر کہنے لگا اگر میرے پاس کوئی تھال ہوتا تو اجازت مل جاتی پھر کتا آیا اور اس کے منہ میں پیشاب کر دیا۔''

اس سے ظاہر ہے کہ

ابوبصیر کی نگاہ میں امام جعفر بڑے طماع دنیا پرست تھے رشوت لیکر ملاقات کی اجازت دیتے تھے۔

۲ ابوبصیر خود اصحاب آئمہ میں اس فضیلت کا مالک تھا کہ دروازے پر پڑا رہے تو اس کو ملاقات کی اجازت ہی نہیں ملتی تھی اہمیت کا کیا کہنا۔

۳ ابوبصیر چونکہ اندھا تھا کتے کو دیکھنہ سکا مگر آتا تو سوچتا کہ آنکھیں تو خدا نے بند کی تھیں منہ تو خود بند رکھتا آخر منہ کھول کے لینے میں وہ کونسی حکمت تھی پھر کتا آخر

جانور ہے مگر اتنی سمجھ تو اسے بھی تھی کہ پیشاب کرنے کے لئے موزوں جگہ کون سی ہے۔
۴ یہ اتفاق سمجھئے یا قدرت کی طرف سے انتباہ کہ اس منہ سے کلفشانی کی توقع نہ رہنا بلکہ جیسا کچھ اس منہ میں داخل ہو رہا ہے ایسی ہی پاکیزہ باتیں اس سے نکلیں گی۔ ظاہر ہے کہ ایسے مقدس منہ سے نکلے ہوئے مسائل کیسے پاکیزہ اور مقدس ہوں گے اور جس امام کے متعلق اس صحابی کی یہ رائے ہے اس سے منسوب کر کے جو مسائل بیان کئے گئے ہوں گے یا گھڑے گئے ہوں گے ان کے ثقہ اور معتبر ہونے میں کس احمق کو ہی شبہ ہو سکتا ہے۔

(۳) محمد بن مسلم

اس کا دعویٰ ہے کہ امام باقر سے ۳۰ ہزار حدیثیں سنیں اور امام باقر سے ۶ ہزار حدیث کی تعلیم پائی۔ (رجال کشی ص ۱۰۹)

عن مفضل بن عمر قال سمعت ابا عبدالله يقول لعن الله محمد بن مسلم كان يقول ان الله لا يعلم شيئاء حتى يكون (رجال كشى ۱۱۳)

''مفضل کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر سے سنا فرماتے تھے کہ محمد بن مسلم پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو یہ کہتا تھا کہ جب تک کوئی چیز وجود میں نہ آجائے اللہ کو اس کے متعلق علم نہیں ہوتا۔''

اول تو جس آدمی کا عقیدہ اللہ تعالیٰ کے متعلق یہ ہو اس کے تفقہ فی الدین کا طول و عرض آسانی سے معلوم کیا جا سکتا ہے پھر جس کو امام جعفر کی طرف سے اللہ کی لعنت کا تحفہ یا سند ملے اس کی ثقاہت کا حال بخوبی معلوم ہو سکتا ہے۔ یہاں تو یوں لگتا ہے کہ جیسے فقہ جعفریہ کی تیاری میں اس امر کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ ان اصحاب آئمہ کی روایات قبول کی جائیں جن کو آئمہ نے ملعون قرار دیا ہے۔ فرق اتنا ہے کہ کسیلہ

اکبری لعنت سی لعنت X لعنت X یعنی (لعنت ۳) مگر اپنا اپنا ظرف جو جتنے کے قابل ہوا اسے اتنا ہی ملتا ہے۔

علامہ مجلسی نے جن تین اصحاب آئمہ کو سرفہرست رکھا ہے ان کے حالات سے اندازہ کر لیا جا سکتا ہے کہ جب اکابر کا یہ حال ہے تو اصاغر کس پائے کے ہوں گے۔

اب ذرا ان اصحاب میں سے بھی ایک معروف شخصیت کا تعارف کرا دیا جائے جن کا علامہ مجلسی نے ذکر نہیں کیا مگر ہیں وہ بھی چوٹی کے اصحاب۔

جابر بن یزید:

محمد بن مسلم کا دعویٰ تو آپ نے پڑھ لیا کہ امام باقر سے تیس ہزار احادیث لی تھیں یہ صاحب ان کے بھی استاد نکلے ان کا دعویٰ ملاحظہ ہو:

عن جابر بن یزید الجعفی قال حدثنی ابو جعفر بسبعین
الف حدیث (رجال کشی ص ۱۲۹)

"جابر کہتا ہے کہ میں نے امام باقر سے ستر ہزار حدیث تعلیم پائی ہے۔"

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا علمی مرتبہ محمد بن مسلم سے دو چند سے بھی زیادہ ہے اب اس فضیلت مآب کی دیانت و امانت کا حال سنئے۔

عن زرارة قال سئلت ابا عبدالله عن حدیث جابر فقال
ما رایته عند ابی قط الا مرة واحدة وما دخل علی قط

(رجال کشی ص ۱۲۶)

"زرارہ کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر سے جابر کی احادیث کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ یہ میرے والد سے صرف ایک مرتبہ ملا اور میرے پاس تو کبھی آیا ہی نہیں۔"

یہ بات رئیس اعظم زرارہ بیان کر رہا ہے نہ جانے اسے اس کی ضرورت

یوں محسوس ہوئی، ممکن ہے اس کا ستر ہزار احادیث کا دعویٰ سن لیا ہوگا۔ تو اسے تعجب، حسرت یا رشک پیدا ہوا ہوگا۔ مگر جواب جو ملا اس سے زرارہ کی تشفی تو شاید ہوئی ہو مگر امام کے بیان نے تو عجائبات کا ایک باب کھول دیا۔ مثلاً

۱ ایک ملاقات میں امام نے ستر ہزار حدیثیں تعلیم فرمائیں یعنی اگر ایک منٹ فی حدیث شمار کیا جائے تو ۱۱۶۶ گھنٹے بنتے ہیں یعنی ۴۸ دن سے کچھ زیادہ وقت بنتا ہے سوال یہ ہے کہ کیا اتنی لمبی نشست کا تصور کیا جا سکتا ہے؟

۲ اگر جابر صرف حدیثیں سنتا رہا تو اس کے حافظہ کا کمال ہے کہ ایک دفعہ سن کر ستر ہزار حدیث یاد کر لیں۔

۳ اگر یہ محال نظر آتا ہے تو پھر وہ ساتھ ساتھ لکھتا رہا۔ اگر یہ صورت فرض کی جائے تو وقت کو اور بڑھانا پڑے گا دو چند سے کم کیا ہو سکتا ہے گویا یہ ایک ملاقات تین مہینے سے بھی تجاوز کر گئی اگر یہ نہ مانا جائے تو اور صورت کوئی نہیں کیونکہ اس زمانے میں شارٹ ہینڈ کے فن کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

۴ اگر جابر کا دعویٰ تسلیم کیا جائے تو سب سے پہلے عقل اسے تسلیم نہیں کرتی اور اس سے بڑی بات یہ ہے کہ امام کو جھوٹا تسلیم کرنا پڑتا ہے۔

۵ اگر امام کو سچا تسلیم کریں جیسا کہ ضروری ہے تو جابر کو پرلے درجے کا جھوٹا ماننا پڑتا ہے اور اس کے بغیر چارہ نہیں۔

اصحاب آئمہ میں سے کچھ مستند کتابیں "حق الیقین" میں کچھ غیر مذکور حالات نمونے کے طور پر شیعہ کی کتب رجال میں سے پیش کئے گئے

اب ذرا اس معاملے کو ایک اور زاویے سے دیکھئے۔

۱ علامہ مجلسی نے تو فرمایا کہ یہ "کثیر جماعت تھی جو سب شیعوں کے رئیس تھے" مگر آئمہ کا بیان اس سے مختلف ہے مثلاً

اصول کافی ص ۴۹۶ امام جعفر کا بیان ہے

"اے ابوبصیر اگر تم میں سے (جو شیعہ ہو) تین مومن مجھے مل جاتے جو میری حدیث ظاہر نہ کرتے تو میں ان سے اپنی حدیثیں نہ چھپاتا۔"

یہ بیان کیا ہے حقائق کا ایک بحر نا پیدا کنار ہے پہلی بات یہ ہے کہ امام جعفر کو عمر بھر میں تین مومن بھی نہ ملے۔ دوسری بات یہ ہے کہ مومنوں کی فوج نہیں کھڑی کرنی چاہتے تھے بلکہ اپنے علوم اور اپنی حدیثیں سنانا چاہتے تھے۔

تیسری بات یہ ہے کہ جب انہیں تین مومن نہ مل سکے تو انہوں نے اپنی حدیثیں کسی کو نہیں سنائیں جس سے منطقی طور پر یہ نتیجہ نکلا ہے کہ "کافی، استبصار، تہذیب اور من لایحضرہ الفقیہ" کی صورت میں ہزاروں حدیثیں جو امام جعفر سے منسوب ہیں وہ ان سے بیزاری کا اعلان کر رہے ہیں اور یہ سب جھوٹ بناوٹی ذخیرہ ہے۔

چوتھی بات اگر اس کا نتیجہ یہی ہے اور دوسرا کوئی ہو نہیں سکتا تو فقہ جعفری کی قدر و قیمت تو امام نے خود متعین کر دی۔

پانچویں بات یہ ہے کہ امام کا مقصد صرف کسی محرم راز کو حدیثیں سنانا تھا حدیثیں پھیلانا مطلوب نہیں تھا اس لئے فرمایا ان تین مطلوبہ مومنوں کی صفت بیان کی جو میری حدیثیں ظاہر نہ کرتے۔ لہذا معلوم ہوا کہ امام کی حدیثیں ظاہر کرنے کی چیز نہیں چھپا کر رکھنے کی چیز ہے تو پھر فقہ جعفریہ کو برسر منبر اور برسر بازار لانے کے جتن کیوں ہو رہے ہیں؟ یہ تو امام کی مخالفت کی تحریک ہے ان کی خلاف ایجی ٹیشن ہے یہ تو سٹرائیک ہے۔ امام جعفر نے اس سے آگے ایک قدم اور بڑھا کر فرمایا:

"میں نے کوئی ایسا آدمی نہیں پایا جو میری وصیت قبول کرتا اور میری اطاعت کرتا سوائے عبداللہ بن یعفور کے۔" (رجال کشی ص ۱۶۰)

لیجئے امام نے ایک اور گتھی سلجھا دی۔

۱ امام جعفر کوئی شاعری نہیں کر رہے کہ شاعری کی ساری روش ہی مبالغہ سے ہوتی ہے بلکہ وہ تو حقیقت بیان کر رہے ہیں۔

۲ جب امام جعفر کی ذات موجود تھی ان کی اطاعت کرنے والا صرف ایک مرد میدان نظر آتا ہے تو آج امام جعفر کی طرف منسوب فقہ جعفریہ پر عمل کرانے اور اسے نافذ کرانے کی کیا مجبوری ہے۔

۳ اطاعت شعار صرف ایک ہے تو یہی قابل اعتبار بھی ہوگا۔ اس لئے دین کی روایت جو اس سے چلی وہی معتبر ہوگی اس صورت میں دین شیعہ کا سارا محل خبر واحد پر استوار ہوگا۔ مگر اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بھی اپنے بھائیوں سے کچھ مختلف نہیں بلکہ بات وہی ہے۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ ۲۶۰ھ تک فقہ جعفریہ کی کوئی کتاب مدون نہیں ہوئی تھی وہاں احادیث کی یہ چار کتب وجود میں آ گئی تھیں مگر ان میں جو روایات درج ہیں وہ اولئک ان اصحاب آئمہ سے مروی ہیں جن کو آئمہ نے کراہ ملعون یہود و نصاریٰ سے بھی بدتر مخلوق قرار دیا لہٰذا آئمہ کے بیان کے مطابق ان کتابوں کی روایات قابل اعتبار نہیں۔

پانچویں صدی ہجری میں مصنف "تہذیب" ۴۱۱ھ اور "استبصار" کے بعد فقہ جعفریہ کے کام میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی اور ان کتابوں کی عام اشاعت بھی نہ ہوئی اور زیر زمین ہی کام ہوتا رہا۔ دین شیعہ تو سراسر راز اور اخفا کی چیز ہے اگر کسی وقت کسی نے اس عقیدہ کو عام کرنے کی کوشش کی تو اسے سرزنش کی گئی جیسا کہ "اصول کافی ص ۱۴۰" پر ہے:

قال ابو جعفر ولایته الله اسر ھا الی جبرئیل و اسرھا

جبرائیل الی محمد صلی اللہ علیہ وسلم واسرها محمد

الی علی و اسرها علی الی من شاء ثم انتم تذیعون ذالک

امام ابو باقر نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ولایت کا راز جبرائیل کو راز میں بتایا جبرائیل نے یہ راز محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مخفی طور پر بتایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ راز حضرت علی کو کان میں بتایا پھر حضرت علی نے جسے چاہا بتایا مگر تم لوگ اسے ظاہر کرتے پھرتے ہو۔

گویا ولایت و امامت کا عقیدہ ہی راز کی چیز ہے اور شیعہ مذہب کی جان یہی عقیدہ تو ہے لہٰذا اسے ظاہر کرنا امام کو ناراض کرنے کے مترادف ہے۔

آخر آٹھویں صدی ہجری میں ایک مجاہد اٹھا اس نے فقہ جعفریہ کی پہلی کتاب صحیح فقہی طرز پر لکھی۔ اس فقیہ کا نام محمد جمال الدین مکی ہے اور اس کتاب کا نام "**لمعہ دمشقیہ**" ہے اس سلسلے میں چونکہ یہ پہلی کوشش تھی اس لئے اس کی پذیرائی اور قدر افزائی ہونی ایک فطری بات تھی۔ مگر حالات اس کے برعکس نظر آتے ہیں اسے واجب القتل قرار دے کر قتل کر دیا گیا۔ ظاہر ہے کہ اس کی وجہ اس کتاب کی تصنیف ہی ہو سکتی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کتاب کوئی علمی یا دینی خدمت نہیں سمجھی گئی بلکہ اس کے الٹ ہی کچھ سمجھا گیا اب اس کا نام جو چاہو رکھ لو۔ مگر جعفریہ نے اسے شہید اول کا لقب دیا۔

اس کے قتل سے عوام میں فقہ جعفریہ کی قدر و قیمت کا ایک معیار تو قائم ہو گیا پھر حسب سابق جعفریہ زیر زمین ہی کام کرنے لگے۔ رفتہ رفتہ دسویں صدی ہجری میں ایک اور مجاہد اٹھا اور اس نے فقہ جعفریہ کو عام فہم کرنے اور اسے پھیلانے کے لئے "**لمعہ دمشقیہ**" کی شرح **روضۃ البہیہ** کے نام سے لکھی اس کا نام علامہ زین الدین ہے جب متن لکھنے والا واجب القتل قرار دیا گیا تو اس کے شرح لکھنے والے کو وہی جاگیر ملنی تھی چنانچہ اسے بھی واجب القتل قرار دے کر قتل دیا گیا۔ اور جعفریہ

نے بھی حسب عادت اس کو شہید ثانی کا لقب دیا۔ فقہ جعفریہ کا علمی سرمایہ یہی چھ بے ان کتابوں پر ممکن ہے انفرادی طور پر نیک شیعہ عمل کرتے ہوں مگر اجتماعی طور پر کسی حکومت نے اس فقہ کو قابل سرپرستی اور قابل نفوذ نہ سمجھا۔

علامہ مجلسی نے اپنی کتاب "حق الیقین" میں جہاں یہ بیان کیا کہ "ان لوگوں (یعنی آئمہ) نے فقہ حدیث وکلام میں کتابیں تصنیف کر کے تمام مسائل جمع کر لیا" یہ بات ایک تاریخی مغالطہ نظر آتا ہے زرارہ، محمد بن مسلم، ابو بصیرہ جن کے نام درج ہیں انہوں نے کوئی کتاب تصنیف نہیں کی بلکہ ان کے بعد قریبا دو صدیوں سے لیکر تین صدیوں تک لوگوں نے ان کے نام سے روایات جمع کر کے وہ چار کتابیں تصنیف کیں جن پر اوپر بحث کی جا چکی ہے۔

پھر علامہ مجلسی نے فرمایا ان لوگوں کا اختصاص آئمہ طاہرین کے ساتھ معلوم، مستحق ہے جیسا کہ ابوحنیفہ کے ساتھ ابو یوسف اور اس کے شاگردوں کا اختصاص ہے یہ تشبیہ اور تمثیل بھی خلاف حقیقت ہے۔ امام ابوحنیفہ اور ان کے شاگردوں کے حالات تو یہ ہیں کہ انہوں نے چالیس ماہرین فن کی ایک مجلس مذاکرہ بنائی تھی ہر آدمی ایک خاص فن میں مہارت رکھتا تھا پھر جو نئے مسائل پیش آتے وہ قرآن وسنت اور تعامل اصحاب کی روشنی میں زیر بحث آکر طے ہوتے جب کسی نتیجے پر پہنچتے تو ابوحنیفہ کے شاگردوں میں سے امام شیبانی اسے لکھ لیتے چنانچہ امام محمد شیبانی کی چھ تصانیف فقہ حنفی میں کتب "ظاہر الروایۃ" کے لقب سے مشہور ہوئیں اور اسی دوران تصنیف ہوئیں اور ابوحنیفہ کے دوسرے شاگرد ابو یوسف نے "کتاب الخراج" تصنیف کی اور فقہ حنفی باقاعدہ طور پر خلفائے عباسیہ نے اپنی سلطنت میں رائج بلکہ اور بھی اسلامی ممالک میں فقہ حنفی رائج رہی اس کے مقابلے میں علامہ مجلسی نے جن اصحاب آئمہ کو ابوحنیفہ کے شاگردوں سے تشبیہ دی ہے انہوں نے نہ تو کوئی کتاب تصنیف کی نہ قرآن وسنت تک پہنچے بلکہ صرف امام کی بات بلکہ امام سے منسوب کر کے اپنی بات بیان کرتے رہے اور بعد والوں نے

ان کی روایات وجمع کرکے فقہ جعفریہ کا نام دے دیا۔

جہاں تک اس فقہ کے رائج ہونے کا تعلق ہے تو یہ بات خواب وخیال سے زیادہ وقعی حیثیت نہیں رکھتی۔

خلفائے ثلاثہ کے عہد میں وہی فقہ رائج تھی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتاب اللہ کی روشنی میں اپنے ارشادات اور صحابہ کی عملی تربیت کرکے رائج فرمائی تھی۔ حضرت علی نے اپنے عہد خلافت میں اس فقہ سے بال برابر بھی انحراف نہیں کیا یعنی انہوں نے بھی وہی فقہ رائج رکھی جو خلفائے ثلاثہ کے عہد میں رائج رہی۔ اگر حضرت علی کوئی نئی فقہ رائج یا نافذ کرتے تو چاہے اس کا نام فقہ جعفریہ نہ ہوتا کوئی اور ہوتا یا بے نام ہوتی' بلکہ اس فقہ سے مختلف جو خلفائے ثلاثہ کے عہد میں رائج رہی تو بعد میں آنے والوں کو بھی حق پہنچتا تھا کہ اس علوی فقہ کے نفاذ کا مطالبہ کرتے یا اس کی جدوجہد کرتے جس فقہ پر حضرت علیؓ نے اپنا پورا عہد خلافت گزار دیا آج نام نہاد محبان علیؓ کو اس فقہ سے بیر کیوں ہے؟ یہی وہ فقہ ہے جو خلفائے عباسیہ کے عہد میں آکر باقاعدہ فقہی ترتیب سے مدون ہوکر فقہ حنفی کے نئے نام سے اسی پرانی صورت اور اسی نبوی اصول پر رائج ہوتی پھر قریبا تمام اسلامی سلطنتوں میں یہی فقہ رائج رہی اور حکومت کی طرف سے نافذ ہوتی رہی۔

انصاف کی بات تو یہ ہے کہ ان روسا شیعہ نے آئمہ سے جو روایات منسوب کی ہیں ان سے بڑھ کر آئمہ کی توہین کی کوئی صورت تصور میں نہیں آسکتی حالانکہ آئمہ کرام اہلسنت کے عقیدہ کے اعتبار سے اور حقیقت کے لحاظ سے نہایت پاک سرشتہ اور ظاہراو باطنا کتاب وسنت کے عامل کامل اولیا اللہ اور اس فقہ کے مطابق زندگی بسر کرنے والے تھے جو محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ۲۳ سالہ نبوی زندگی میں صحابہؓ کو سکھائی اور جس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سامنے عمل کرایا اور جس پر

خلفائے راشدین حضرت علیؓ سمیت عمل کرتے رہے۔

حضرات قارئین شیعت پر میں نے اپنے پورے مطالعہ کا حاصل ان چند صفحات میں آپ کے سامنے مختصراً تحریر کر دیا ہے ان تمام باتوں کا مقصد آپ سے کوئی کوئی مطالبہ کرنا نہیں ہے بلکہ آپ کو صرف اس بات سے آگاہ کرنا ہے کہ شیعت جو اساس سے لیکر جزیات تک اسلام سے متضاد ہے اب اپنا سیاسی تسلط ایران سے نکل کر بیرون ایران بھی قائم کرنا چاہتی ہے تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کی موجودگی میں ہمیں اپنے دعویٰ پر کوئی ثبوت پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ شیعوں کی نمائندہ یہ تنظیم ہمارے بیان کی صداقت پر خود بہت بڑا ثبوت ہے۔

آپ بے شک شیعوں سے رشتہ داریاں بڑھائیں دوستیاں اور روابط بڑھائیں معاملات اور لین دین کریں بے شک آپ ان سے تعاون کی فضا سازگار بنائیں آپ کے یہ تمام اعمال شیعت کے سیاسی تسلط کی راہ مزید ہموار کریں گے۔ لیکن آپکے دل میں ایمان کی ذراسی رمق موجود ہو تو ذرا سوچیں کہ

اللہ کے ہاں آپ کیا جواب دیں گے ہاں وہ حضرات شیعہ جو لاعلمی کی وجہ سے روافض کے جال میں پھنسے ہوئے ہیں حقائق کے منکشف ہونے کے بعد اگر اپنے پورے ارادے اور شعور کے ساتھ حق کا ساتھ دیں گے تو وہ اپنے آپ کو تنہا محسوس نہیں کریں گے اور آخرت میں بھی لازوال جنت ان کا مقدر ہوگی۔

ہاں ہمارا مطالبہ صرف ان لوگوں سے ہے جو خیر و شر کی اس چپقلش میں باطل کے خلاف حق کے دست و بازو بننا چاہیں اور ان سے مطالبہ صرف اتنا ہے کہ اپنی پوری توانائی کو بروئے کار لا کر نتیجہ سے بے فکر ہو کر حق کی قوت بنے رہیں اور ذہن میں یہ بات بٹھالیں۔

شکوۂ ظلمت شب سے تو کہیں بہتر ہے
اپنے حصے کی کوئی شمع جلائے رکھنا

بسم الله الرحمن الرحيم

THE HAQ CHAR YAAR WEBSITE
IS DEDICATED IN THE NAME OF
THE COMPANIONS [R.A]
OF
PROPHET [PEACE BE UPON HIM].
WE ARE REVEALING THE TRUTH AND
FACTS ABOUT THE ANTI SAHABAH [R.A]
PROPAGANDA OF
THE NON MUSLIM ORGANIZATIONS.

WWW.KR-HCY.COM

® HAQ CHAR YAAR, A PROJECT OF HCY GLOBAL.
STUFF AVAILABLE FOR NON-PROFIT FREE DISTRIBUTION.

حدیث نبوی ﷺ

قال قال رسول الله صلّى الله عليه وسلم :

سيأ تی قوم يسبونهم ويستنقصونهم فلا تجالسوهم و لا تشاربوهم و لا تواكلوهم و لا تنا كحو هم و لا تنكحوا اليهم و لا تصلوا عليهم حلت اللعنة عليهم.

ترجمہ:

حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

ایک قوم آئے گی جو صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو برا بھلا کہے گی۔ اور ان میں نقص نکالے گی انکے ساتھ نہ بیٹھنا نہ کھانا پینا نہ نکاح کرنا (نہ رشتہ رکھنا) اور نہ انکے ساتھ نماز پڑھنا نہ انکی نماز (جنازہ) پڑھنا اور ان پر لعنت کرنا درست ہے۔

از

قطب ربانی فیض یزدانی سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

(غنیۃ الطالبین صہ ۱۷۹)